آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 33 | بروز ہفتہ 30 اکتوبر 2021ء بمطابق 23 ربیع الاول 1443ھ | شمارہ نمبر 272

وزارت اعلیٰ کا منصب بیوفا ہے کسی کا نہیں ہوتا، نو منتخب وزیر اعلیٰ

حکومت کی پالیسی کاغذوں تک محدود نہیں ہوگی، بلوچستان پسماندہ صوبہ ہے اس لئے تمام اسٹیک ہولڈرز کو آن بورڈ لیکر آگے بڑھا جائے گا، میرا کام عوامی مفاد میں فیصلہ سازی ہے

گھنٹوں گھنٹوں میٹنگز میں نہ پھنسایا جائے، بیوروکریسی بلاخوف وخطر اپنا کام کرے عوام کی مفادات کیلئے جیل جانا پڑے تو گریز نہیں کروں گا، آج کسی کی مبارکبادی نہیں لونگا جب کارکردگی کی بنیاد پر عوام مطمئن ہوں تب مبارکباد کا مستحق ہوں گا

وفاق کے تعاون کے بغیر میں کوئٹہ شہر کو بہتر نہیں بنا سکتے بلوچستان جو آدھا پاکستان ہے وہ تو دور کی بات ہے، بلوچستان کی ترقی کیلئے مل کر اسلام آباد جائینگے، عمران خان سے ملاقات کرکے صوبے کیلئے مزید بہتر اقدامات کرائینگے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے نو منتخب وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے 15 دن بعد نئی حکومتی پالیسی پیش کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزارت اعلیٰ کا منصب بیوفا ہے یہ کسی کا نہیں ہوتا حکومت کی پالیسی کاغذوں تک محدود نہیں ہوگی، بلوچستان پسماندہ صوبہ ہے اس لئے تمام اسٹیک ہولڈرز کو آن بورڈ لیکر آگے بڑھا جائے گا، میرا کام عوامی مفاد میں فیصلہ سازی ہے گھنٹوں گھنٹوں میٹنگز میں نہ پھنسایا جائے، بیوروکریسی بلاخوف وخطر اپنا کام کرے عوام کی مفادات کیلئے جیل جانا پڑے تو گریز نہیں کروں گا، آج کسی کی مبارکبادی نہیں لونگا جب کارکردگی کی بنیاد پر عوام مطمئن ہوں تب

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:00
مغرب	6:30
عشاء	07:30
اہل تشیع فجر صبح	05:15
ظہرین	01:00
مغربین	7:00

گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نو منتخب وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے حلف لے رہے ہیں

میر عبدالقدوس بزنجو وزیر اعلیٰ منتخب، 39 ارکان نے ووٹ دیا

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ایک گھنٹہ 20 منٹ کی تاخیر سے ڈپٹی اسپیکر سردار بابر موسیٰ خیل کی زیر صدارت تلاوت کلام پاک سے شروع ہوا اجلاس میں ڈپٹی اسپیکر نے وزیر اعلیٰ کے انتخاب کیلئے ترتیب کارروائی سے ارکان کو آگاہ کیا

توقع ہے کہ میر قدوس بزنجو بلوچستان کے تمام علاقوں کو یکساں ترقی دیں گے دکی میں ایک شخص نے باچاخان کے مجسمے پر تیل چھڑک کر آگ لگائی اور نعرہ تکبیر کے نعرے لگائے، ملزم کو پولیس نے گرفتار کرلیا ہے

پی ڈی ایم کی سازش کا طعنہ دینے والے آج ہمارے ہم پلہ بن گئے جبکہ پارٹی میں اکیلا چلا تھا آج تمام دوست ساتھ ہیں، گزشتہ تین سال کیسے گزارے ہیں وہ ہمیں پتہ ہے جام کمال کے دل میں لوگوں کیلئے درد نہیں تھا، میر نصیب اللہ مری

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے میر عبدالقدوس بزنجو بلامقابلہ وزیر اعلیٰ بلوچستان منتخب ہوگئے بلوچستان اسمبلی میں 39 ارکان نے میر عبدالقدوس بزنجو کے حق میں ووٹ دیا۔ گزشتہ روز بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ایک گھنٹہ 20 منٹ کی تاخیر سے ڈپٹی اسپیکر سردار بابر موسیٰ خیل کی زیر صدارت تلاوت کلام پاک سے شروع ہوا اجلاس میں ڈپٹی اسپیکر نے وزیر اعلیٰ کے انتخاب کیلئے ترتیب کارروائی سے ارکان کو آگاہ کیا اور کہا کہ آئین کے آرٹیکل 130(4) جس سے قواعد انضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی مجریہ 1974ء کے قاعدہ نمبر 18 کے ساتھ پڑھا جائے کے تحت وزیر اعلیٰ کا انتخاب عمل میں لایا جائے گا۔ اجلاس میں ایوان سے باہر ارکان اسمبلی کیلئے 5 منٹ کیلئے گھنٹیاں بجائی گئی وقت مقررہ پر ایوان

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا سے نو منتخب وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان نے امریکا کو فضائی حدود تک رسائی جاری رکھی ہوئی ہے، پینٹاگون

پاکستان، دہشت گرد تنظیم داعش پر حملے کے لیے طالبان کے ساتھ کام کر رہا ہے

ہم یہ رسائی کھلی رکھنے کے لیے پاکستان سے بات چیت کر رہے ہیں، کرن کابل کا کانگریس میں بیان

نیویارک (این این آئی) پینٹاگون کے سینئر عہدیدار نے کانگریس کو آگاہ کیا ہے کہ پاکستان نے امریکا کو اپنی فضائی حدود تک رسائی جاری رکھی ہوئی ہے اور دونوں فریقین یہ رسائی کھلی رکھنے کے لیے بات چیت بھی کر رہے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی انڈر سیکرٹری دفاع برائے پالیسی کولن کابل نے سینیٹ کی آرمڈ سروسز کمیٹی سے یہ معلومات افغانستان، جنوبی اور وسطی ایشیا کے خطوں میں سلامتی سے متعلق کھلی کانگریسی سماعت کے دوران شیئر کی۔ وہ کمیٹی کے چیئرمین سینیٹر

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

ہم نے وزراتوں پر کوئی بات نہیں کی، پارلیمانی لیڈر سردار یار محمد رند

نئے وزیر اعلیٰ اگر صوبے کی بہتر خدمت کریں گے تو ہم آخری دن تک انکا ساتھ دیں گے، پارلیمانی لیڈر

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی میں بی این پی کے پارلیمانی لیڈر سردار یار محمد رند نے کہا ہے کہ ہمیں بلوچستان کے عوام کے حقوق عزیز ہیں نئے وزیر اعلیٰ اگر صوبے کی بہتر خدمت کریں گے تو ہم آخری دن تک انکا ساتھ دیں گے، یہ بات انہوں نے جمعہ کو بلوچستان اسمبلی

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

بیوہ کو جائز پنشن کا پورا حصہ ادا کیا جائے، صدر مملکت

صدر مملکت عارف علوی کا حکومتی پالیسی کے مطابق الاؤنسز کے ساتھ بیوہ کو پنشن کی ادائیگی نہ کرنے پر برہمی کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے وفاقی محتسب کے فیصلے کیخلاف لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) کی درخواست مسترد کرتے ہوئے بیوہ کو پنشن کی ادائیگی کا حکم برقرار رکھتے ہوئے لیسکو کو ہدایت کی ہے کہ وفاقی محتسب کے فیصلے کے

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

طالبان نے پاکستان میں افغان سفارتخانے کیلئے نئے ناظم الامور کا تقرر کردیا

کوئٹہ اور پشاور کے افغان قونصل خانوں کیلئے بھی افغان سفارتکار مقرر کیے گئے ہیں، طالبان رہنماء

کابل (این این آئی) طالبان نے پاکستان میں افغان سفارتخانے کیلئے نئے ناظم الامور کا تقرر کردیا۔ خبر ایجنسی کے مطابق افغانستان کی عبوری حکومت نے محمد شکیب کو پاکستان میں افغان سفارتخانے کا ناظم الامور تعینات کیا ہے۔ کوئٹہ اور پشاور کے افغان

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

عمران خان ملک کے لیے سیکیورٹی رسک بن گئے ہیں، خورشید شاہ

قوم کو دھوکہ دیا اور جھوٹ بولا، آج لانے والے بھی پریشان ہیں

سکھر (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور سابق اپوزیشن لیڈر سید خورشید احمد شاہ نے وزیر اعظم کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ عمران خان ملک کے لیے سیکیورٹی رسک بن گئے ہیں، عمران خان نے قوم کو دھوکہ دیا اور جھوٹ بولا، آج لانے والے بھی

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

عوامی نیشنل پارٹی کے ایک رکن اپنا ووٹ استعمال نہیں کر سکے

کوئٹہ (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے ایک رکن اپنا ووٹ استعمال نہیں کر سکے، جمعہ کو بلوچستان اسمبلی

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

میر ظہور بلیدی، میر اسد اللہ بلوچ، عبدالرشید بلوچ اور میر اکبر آسکانی قائد ایوان کو نشست پر بٹھایا

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کو قائد ایوان کی نشست پر بلوچستان

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

نوابزادہ گہرام بگٹی نے پہلا جبکہ سردار عبدالرحمن کھیتران نے آخری ووٹ ڈالا

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے انتخاب میں ووٹنگ کے دوران پہلا ووٹ جمہوری وطن

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں اپوزیشن اراکین نے شرکت نہیں کی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں اپوزیشن اراکین نے شرکت نہیں کی، جمعہ کو بلوچستان

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان سید ظہور آغا نے بلوچستان اسمبلی کا اجلاس 30 اکتوبر کو سہ پہر 3 بجے طلب کرلیا

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان سید ظہور آغا نے بلوچستان اسمبلی کا اجلاس 30 اکتوبر کو سہ پہر 3 بجے طلب کرلیا۔ بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق گورنر بلوچستان نے صوبائی اسمبلی کا اجلاس 30 اکتوبر بروز ہفتہ سہ پہر 3 بجے طلب کرلیا ہے۔ جس میں آئین کے آرٹیکل 108 سے قواعد

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

نو منتخب وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو صوبائی اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو صوبے کی تاریخ میں دو مرتبہ منتخب وزیر اعلیٰ بننے والی تیسری شخصیت بن گئے

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو صوبے کی تاریخ میں دو مرتبہ منتخب وزیر اعلیٰ بننے والی تیسری شخصیت ہیں۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو صوبے کی تاریخ کی تیسری شخصیت ہیں جنہیں دو مرتبہ منتخب وزیر اعلیٰ بننے کا اعزاز حاصل ہے میر عبدالقدوس بزنجو 2018 میں پہلی

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

کالعدم جماعت سے تعلق رکھنے والے 32 اراکین کو گرفتار کیا ہے، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات چوہدری فواد حسین نے کہا ہے کہ رات ایک اہم کارروائی

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

کالعدم تنظیم کے احتجاجی مارچ کے پیش نظر غیر یقینی صورتحال برقرار

راولپنڈی/گوجرانوالہ (این این آئی) کالعدم تنظیم کے احتجاجی مارچ کے پیش نظر غیر یقینی صورتحال جمعہ کو بھی

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

جسٹس (ر) وجیہہ الدین کی قیادت میں پاکستان قومی اتحاد قائم کرنے کا اعلان

کراچی (این این آئی) عام لوگ اتحاد کے بانی چیئرمین جسٹس (ر) وجیہہ الدین کی سربراہی میں ہونے

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

افغانستان کے لیے 144 ملین ڈالر کی امریکی امداد کا اعلان

واشنگٹن (این این آئی) امریکا انسانی بحران سے دوچار افغانستان کے لیے قریب ایک سو چوالیس ملین

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

ہندو جیم خانہ کو اصل حالت میں بحال، مارکی اور دفاتر ختم کرنے کا حکم

اگر تاریخی عمارت کے اندر کوئی نئی تعمیرات ہوئیں تو گرانا پڑے گی، اس طرح کل مہتہ پیلس پر تعمیرات کردیں گے، ایسے تو کوئی تاریخی عمارت نہیں بچے گی

تقسیم سے پہلے مسلم اور ہندو جیم خانہ الگ الگ بنائے گئے تھے، آج مسلم جیم خانہ اپنی اصل حالت میں موجود ہے، مگر ہندو جیم خانہ کی اراضی علی گڑھ یونیورسٹی و دیگر کو دے دی گئی، جسٹس گلزار احمد

کراچی (این این آئی) سپریم کورٹ نے ہندو جیم خانہ کو اصل حالت میں بحال، مارکی اور دفاتر ختم کرنے کا حکم دیدیا، عدالت عظمیٰ نے ریمارکس دیئے متبادل جگہ تک تاہا کو ہندو جیم خانہ سے نہ نکالا جائے کیا جائے۔ جمعہ کو سپریم کورٹ کراچی رجسٹری میں چیف جسٹس آف پاکستان کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے ہندو جیم خانہ کی بحالی سے متعلق درخواست کی سماعت کی۔ دوران سماعت سیکرٹری کلچر سندھ، کمشنر کراچی و دیگر حکام عدالت میں پیش ہوئے۔ ثقافتی عمارتوں کی مناسب دیکھ بھال نہ ہونے پر چیف جسٹس پاکستان گلزار احمد سیکرٹری کلچر پر برہم ہوگئے۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ اگر

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

فرانسیسی سفیر کے داخلی معاملات سے متعلق کوئی بات نہیں ہوگی، وزیر اعظم

ممکنہ طور پر نور الحق قادری اور میں کالعدم تنظیم سے مذاکرات کریں گے، کوشش ہے معاملات افہام وتفہیم سے طے پائیں

معاملات ابھی تک کسی نتیجے پر نہیں پہنچے ہیں، کالعدم تنظیم کے واٹس ایپ بھارت، بانگ کانگ، امریکا اور برطانیہ سے چل رہے ہیں، وفاقی وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان کی زیر صدارت قومی سلامتی کے اجلاس میں ریاستی رٹ کو ہر حال میں قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے جبکہ وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے ایک بار پھر کالعدم تنظیم تحریک لبیک سے مذاکرات کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ممکنہ طور پر وفاقی وزیر برائے مذہبی نور الحق قادری اور شیخ رشید مذاکرات کریں گے، ہماری کوشش ہے معاملات افہام وتفہیم سے طے پائیں، حکومت ٹی ایل پی کیساتھ ہونے والے معاہدے پر قائم ہے تاہم ٹی ایل پی نے تاحال سڑکوں کو عام ٹریفک کے لیے بحال کیا اور نہ ہی ٹی ٹی روڈ چھوڑ کر مرکز واپس گئے ہیں، معاملات ابھی تک کسی نتیجے پر نہیں پہنچے ہیں، کالعدم تنظیم کے واٹس ایپ بھارت، بانگ کانگ، امریکا اور برطانیہ سے چل رہے ہیں، بانگ کانگ، بھارت، برطانیہ اور امریکا سے ان کی ای میلز بھی چل رہی ہیں، پنجاب میں پولیس کو رینجرز کے ماتحت کردیا ہے، ریاست کی رٹ کو ہر حال میں قائم کیا جائے گا۔ جمعہ کو وزیر اعظم عمران خان کی زیر صدارت

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

کالعدم جماعت کے لوگوں سے التجا ہے کہ پرتشدد نہ ہوں، وزیر مملکت

قوم بریک تھرو دیکھے گی، ملک میں امن آئے گا، علی محمد خان کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت علی محمد خان نے کہا ہے کہ کالعدم جماعت کے لوگوں سے التجا ہے کہ پرتشدد نہ ہوں۔ ایک انٹرویو میں وزیر مملکت علی محمد خان نے کہا کہ وزیر اعظم کی مرضی کے بغیر کوئی معاہدہ نہیں کر سکتا۔ علی محمد خان نے کہا کہ قوم بریک تھرو دیکھے گی، ملک میں امن آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم اور وزیر داخلہ بھی نہیں چاہتے کہ ناحق خون کا ایک بھی قطرہ گرے۔

چیئرمین سربراہ جمعیت علماء اسلام مولانا فضل الرحمن پریس کانفرنس کر رہے ہیں

وزیر اعظم عمران خان عوام کے لئے اپنا گھر اپنا خواب ممکن بنا رہے ہیں، فرخ حبیب

تاریخ میں پہلی بار کم آمدن گھروں کیلئے 200 ارب روپے سے زائد قرض کی درخواستیں موصول ہوئیں

اب تک 78 ارب روپے کے قرض منظور، 18 ارب روپے کے قرض فراہم کیے جاچکے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت اطلاعات و نشریات فرخ حبیب نے کہا ہے کہ وزیر اعظم عمران خان عوام کے لئے اپنا گھر اپنا خواب ممکن بنا رہے ہیں۔ اپنے بیان میں وزیر مملکت نے کہا کہ تاریخ میں پہلی بار کم آمدن گھروں کیلئے 200 ارب روپے سے زائد قرض کی درخواستیں موصول ہوئیں۔ وزیر مملکت نے کہا کہ اب تک 78 ارب روپے کے قرض منظور، 18 ارب روپے کے قرض فراہم کیے جاچکے ہیں۔ وزیر مملکت نے حکومت اور مرکزی بینک نے بینکوں کو قرض منظوری کا

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

خضدار کے قریب ٹریفک کا المناک حادثہ خاتون سمیت دو افراد جاں بحق

خضدار (این این آئی) خضدار کے قریب ٹریفک کا المناک حادثہ خاتون سمیت دو افراد جاں بحق ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق مطابق جمعہ کو خضدار زیرو پوائنٹ کے قریب گاڑی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار نصر اللہ والد غلام قادر قوم ساسولی ساکن ساسول مسماۃ (نام) بنت محمد رحیم قوم شیخ ساکن سراچہ وڈھ جاں بحق ہوگئے پولیس نے

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

پاکستان کورونا وائرس کے مزید 17 افراد چل بسے

پاکستان کورونا مریضوں کے حوالے سے مرتب کی گئی فہرست میں 33 ویں نمبر پر آگیا

پاکستان بھر میں کورونا وائرس کے اب تک 28 ہزار 431 مریض انتقال کر چکے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں کورونا وائرس کی چوتھی لہر کی شدت کم ہونے لگی پاکستان کورونا مریضوں کے حوالے سے مرتب کی گئی فہرست میں 33 ویں نمبر پر آگیا۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) کے اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے مزید 659 کیسز سامنے آئے ہیں، مزید 17 افراد اس موذی وبا، کے سامنے زندگی کی بازی ہار گئے، اس کے مزید 931 مریض شفایاب ہوگئے، مثبت کیسز کی شرح 1 اعشاریہ 46 فیصد پر آگئی۔ پاکستان بھر میں کورونا وائرس کے اب تک 28 ہزار 431 مریض انتقال کر چکے ہیں، اس موذی وائرس کے کل مریضوں کی تعداد 12 لاکھ 71 ہزار 687 ہوچکی ہے۔ ملک بھر میں ہسپتالوں، قرنطینہ سینٹرز، وینٹی لیٹرز اور گھروں میں کورونا وائرس کے 23 ہزار 151 مریض زیر علاج ہیں، جن میں سے 1 ہزار 395 مریضوں کی حالت تشویش ناک ہے، 12 لاکھ 20 ہزار 105 مریض اب تک اس بیماری سے شفایاب ہو چکے

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

سلیکٹڈ وزیر اعظم تیاری کرلیں، الٹی گنتی شروع ہوچکی ہے، امیر حیدر خان ہوتی

سلیکٹڈ وزیر اعظم اور اس کو لانے والوں کو رخصت کرنے کا وقت آگیا ہے

ستاروں کو دیکھ کر حکومتی فیصلے کرنا ملک اور اسکے معاملات چلانے کے ساتھ مذاق کے مترادف ہیں

پشاور (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر امیر حیدر خان ہوتی نے کہا ہے کہ سلیکٹڈ وزیر اعظم تیاری کرلیں، الٹی گنتی شروع ہوچکی ہے۔ سلیکٹڈ وزیر اعظم اور اس کو لانے والوں کو رخصت کرنے کا وقت آگیا ہے۔ چارسدہ پی کے 58 کے زیر اہتمام ورکرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے امیر حیدر خان ہوتی نے کہا کہ اقتدار میں آنے سے قبل اصلاحات کے دعویدار ریاستی فیصلے جادو ٹونے سے کر رہے ہیں جو کہ ملک اور اسکے معاملات چلانے کے

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں سینیٹرز، اراکین قومی اسمبلی اور سیاسی رہنماؤں نے شرکت کی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں وفاقی وزیر، سینیٹرز، اراکین قومی اسمبلی اور سیاسی رہنماؤں نے شرکت کی، جمعہ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں وفاقی وزیر زبیدہ جلال، بی اے پی کے جنرل سیکرٹری سینیٹر منظور خان کاکڑ، سینیٹر پرنس آغا عمر احمد زئی، سینیٹر ثنا جمالی، سینیٹر دنیش کمار، اراکین قومی

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

قومی اسمبلی اجلاس، سیاسی ٹرک کو حال میں قائم کرنے کا فیصلہ

سعد رضوی کو نہیں چھوڑا جاسکتا، عسکری قیادت بھی ان معاملات پر سیاسی قیادت کے ساتھ ایک پیج پر ہے

کالعدم ٹی ایل پی کو آگے بڑھنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، یہ ملک میں افراتفری پیدا کر رہے ہیں، عمران خان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران نے واضح کیا ہے کہ کالعدم تحریک لبیک پاکستان کے سربراہ سعد رضوی کو نہیں چھوڑا جاسکتا ہے۔ قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس کی اندرونی کہانی سامنے آگئی، جس میں وزیر اعظم عمران خان نے واضح طور پر کہا کہ کالعدم تحریک لبیک پاکستان (ٹی ایل پی) کے سربراہ سعد رضوی کو نہیں چھوڑا جاسکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس وزیر اعظم کی زیر صدارت ہوا، جس میں عمران خان نے کہا کہ سعد رضوی کو نہیں چھوڑا جاسکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق انہوں نے کہا کہ فرانسیسی سفیر کی بے دخلی سے متعلق کوئی بات نہیں ہوئی، عسکری قیادت بھی ان معاملات پر سیاسی قیادت کے ساتھ ایک پیج پر ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق ذرائع نے بتایا کہ عسکری قیادت نے کہا کہ کالعدم ٹی ایل پی کو آگے بڑھنے کی

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں لڑائی جھگڑے کے دوران چاقو کے وار سے ایک شخص جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں لڑائی جھگڑے کے دوران چاقو کے وار سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے مطابق کوئٹہ کے نواحی علاقے کچلاک میں لڑائی جھگڑے کے دوران چاقو کے وار سے نور محمد نامی شخص جاں بحق ہوگیا پولیس نے لاش کو تحویل میں لیکر

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

دکی میں باچاخان چوک کو نظر آتش کرنا نہ صرف قابل مذمت بلکہ قابل گرفت بھی ہے

واقعہ میں ملوث کرداروں کو بے نقاب کرکے قرار واقعی سزا دی جائے، عوامی نیشنل پارٹی

پشین (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ دکی میں باچاخان چوک کو نظر آتش کرنا نہ صرف قابل مذمت بلکہ قابل گرفت بھی ہے واقعہ میں ملوث کرداروں کو بے نقاب کرکے قرار واقعی سزا دی جائے ملک میں دوبارہ انتہا پسندی و دہشت گردی کے واقعات کا رونما ہونا تشویشناک ہے ملک میں حقیقی جمہوریت کیلئے ماضی میں اور نہ ہی اکثر دیر پا نتائج دے سکیں گے ملک میں جتنا شاہ مہنگائی پٹرولیم مصنوعات کی آئے روز میں اضافہ اور چمن بارڈر کی بندش قابل تشویش ہے ان خیالات کا اظہار عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مارت

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

نو منتخب وزیر اعلیٰ بلوچستان نے قمبرانی روڈ سے صفائی مہم کا افتتاح کردیا

نو منتخب وزیر اعلیٰ نے حلف اٹھانے سے قبل جھاڑو پکڑ کر صفائی مہم کا آغاز کردیا

کوئٹہ (آن لائن) نو منتخب وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے قمبرانی روڈ سے صفائی مہم کا افتتاح کردیا۔ گزشتہ روز ارکان صوبائی اسمبلی، چیف سیکرٹری، کمشنر کوئٹہ ڈویژن اور ضلعی انتظامیہ و میٹروپولیٹن کارپوریشن کے افسران کے ہمراہ قمبرانی کا دورہ کیا۔ نو منتخب وزیر اعلیٰ نے حلف اٹھانے سے قبل جھاڑو پکڑ کر صفائی مہم کا آغاز کردیا اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ بلوچستان کا چہرہ کوئٹہ شہر ہے، عوام کی مدد کے بغیر حکومت اور انتظامیہ کچھ نہیں کر سکتی میں خود سڑکوں پر ایڈمینسٹریشن کے ساتھ موجود ہوں گا انہوں نے کہا کہ بغیر سیاسی مقاصد کے شہر کو صاف

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

میر عبدالقدوس بزنجو کی سیاسی پروفائل

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے میر عبدالقدوس بزنجو صوبے کے 17 ویں وزیر اعلیٰ منتخب ہوگئے، وہ اس سے قبل بھی وزیر اعلیٰ بلوچستان، اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کے عہدوں پر فائز رہے، عبدالقدوس بزنجو یکم جنوری 1974 کو بلوچستان کے ضلع آواران کے گاؤں شیدی جھو میں پیدا ہوئے نوجوان سیاست دان کا تعلق سیاسی گھرانے سے ہے، انہوں نے جامعہ

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

ہم حکومت کے ہر اچھے کام کی حمایت کرینگے، اراکین بلوچستان اسمبلی

جس جذبے کے ساتھ عبدالقدوس بزنجو نے یہ قدم اٹھایا امید ہے کہ صوبے کے ساتھ زیادتی نہیں ہوگی فیصلے میرٹ کی بنیاد پر ہونگے اور جو لوٹ کھسوٹ کا بازار گرم تھا وہ ختم ہوگا

عبدالقدوس بزنجو سے بھی توقع ہے کہ وہ سب کو ساتھ لیکر چلیں گے، چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ زہری، سردار یار محمد رند و دیگر کا اسمبلی میں اظہار خیال

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے ارکان نے کہا ہے کہ جام کمال خان کو چاہیے تھا کہ وہ ایسی روایات قائم کرتے کہ آج ہم انہیں یاد کرتے، جس جذبے کے ساتھ عبدالقدوس بزنجو نے یہ قدم اٹھایا امید ہے کہ صوبے کے ساتھ زیادتی نہیں ہوگی فیصلے میرٹ کی بنیاد پر ہونگے اور جو لوٹ کھسوٹ کا بازار گرم تھا وہ ختم ہوگا ہم حکومت کے ہر اچھے کام کی حمایت کریں گے، عبدالقدوس بزنجو سے بھی توقع ہے کہ وہ سب کو ساتھ لیکر چلیں گے۔ یہ بات چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ زہری، سردار یار محمد رند، اصغر خان اچکزئی، ملک سکندر ایڈوکیٹ، ملک نصیر شاہوانی، اسد بلوچ سمیت دیگر نے جمعہ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہی، عوامی نیشنل پارٹی کے پارلیمانی اصغر خان اچکزئی نے نو منتخب وزیر اعلیٰ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

بھارت کا مسافر طیارہ شارجہ جانے کیلئے پاکستانی فضائی حدود میں آگیا

بھارتی درخواست پر پاکستان کی فضائی حدود استعمال کرنے کی اجازت دی گئی، ترجمان سی اے اے

کراچی (این این آئی) بھارت کا مسافر طیارہ شارجہ جانے کیلئے پاکستانی فضائی حدود میں آگیا، پائلٹ نے داخل ہونے سے قبل پاکستانی حکام سے اجازت طلب کی۔ بھارتی طیارے کی پاکستانی فضائی حدود استعمال کرنے کا معاملے پر متعلقہ حکام نے حقائق بیان کردیے۔ اس حوالے سے ذرائع نے بتایا کہ بھارتی طیارے نے سری نگر سے شارجہ کیلئے اڑان بھری تھی، بھارتی نجی فضائی کمپنی کی پرواز نمبر جی ایٹ 1595 سری نگر سے شارجہ جاری تھی۔ بھارتی طیارے

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

سابق وزیر اعلیٰ چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری سے قومی و سیاسی رہنماء سردار زادہ میر منیر لہڑی ملاقات کر رہے ہیں

امریکا کی لبنان کے کن پارلیمان اور دو کاروباری شخصیات کے خلاف پابندیاں عاید

سابق وزیر اعظم سعد الحریری کی حمایت یافتہ شخصیت بھی پابندیوں کی زد میں آنے والے لبنانیوں میں شامل

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے محکمہ خزانہ نے لبنان میں قانون کی حکمرانی میں خلل انداز ہونے کے الزام میں دو کاروباری شخصیات اور پارلیمنٹ کے ایک رکن کے خلاف پابندیاں عاید کردیں۔ ان پر مالی بدعنوانیوں کے سنگین الزامات بھی عاید کیے گئے۔ ان لبنانیوں میں سابق وزیر اعظم سعد الحریری کی حمایت یافتہ ایک کاروباری شخص بھی شامل ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق محکمہ خزانہ نے لبنان کے امیر کبیر تاجر جہاد العرب، دانی خوری اور پارلیمنٹ کے رکن جمیل السید

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL Quetta
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز ۱ مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

30 اکتوبر 2021ء

مارچ کو روکنے کا فیصلہ

ٹی ایل پی کے لانگ مارچ کا معاملہ خطرناک صورت اختیار کرتا جارہا ہے۔ مرید کے میں ہوئے مظاہرین گذشتہ روز اپنی قیادت کی ہدایت پر اسلام آباد کیلئے روانہ ہونے کو تھے جس سے کشیدگی میں اضافہ ہوگیا۔ حکومت نے صاف صاف اعلان کردیا کہ فرانس کے سفیر کو ملک بدر کرنا ممکن نہیں۔ اس کے علاوہ ٹی ایل پی کے تمام مطالبات منظور کرنے کی یقین دہانی کے باوجود ٹی ایل پی کے رہنماؤں نے احتجاج جاری رکھنے کا اعلان کیا۔ اطلاعات کے مطابق مظاہرین اور پولیس کے درمیان متعدد مقامات پر جھڑپیں ہوئی ہیں۔ جس کے نتیجے میں کم از کم چار پولیس اہلکار شہید ہوگئے ہیں جبکہ بڑی تعداد میں لوگ زخمی ہوئے ہیں۔ صورتحال کے گھمبیر ہونے اور کشیدگی میں غیر معمولی اضافے ہونے کے بعد حکومت نے اعلان کیا ہے کہ کسی کو ریاست کی عملداری چیلنج کرنے نہیں دی جائے گی نہ حکومتی ذرائع کے مطابق اب ٹی ایل پی کے زیر اہتمام مظاہرہ کرنے والوں تو مسکری تنظیم تعداد کیا جائے گا اور ان سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ واضح حکومتی اعلان اور ٹی ایل پی کی جانب سے لانگ مارچ پر اصرار نے صورتحال کو انتہائی خطرناک بنادیا ہے۔ حکومتی ذرائع کا کہنا ہے کہ مظاہرین کو جتنم سے آگے بڑھنے نہیں دیا جائے گا۔ ویسے تو اطلاعات حکومت کے مطابق حکومت کے سخت موقف اور پولیس کے بعد مظاہرین کی تعداد میں کمی آئی ہے لیکن اگر کسی مقام خاص طور سے جتنم میں مارچ کو روکنے کے لئے طاقت استعمال کی گئی تو خدشہ ہے کہ بڑے پیمانے پر خون خرابہ ہوسکتا ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ براہ راست تصادم سے بچنے کی ہر ممکن کوشش کی جائے۔ اس میں شبہ نہیں کہ ٹی ایل پی کے قائدین اور زیادتی کررہے ہیں لیکن حکومت کو امن وامان برقرار رکھنے کے ساتھ ساتھ انسانی جانوں کے دفاع کی ذمہداری بھی نبھانی چاہیے۔ وزارت داخلہ اور حکام کی اس غلطی پر پردہ نہیں ڈالا جاسکتا کہ انفوس اور معاملات کو بات چیت کے ذریعہ سے حل کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

شعیب اختر کے ساتھ پی ٹی وی اینکر کی قابل مذمت بدکلامی

ورلڈ کپ کے لیے T-20 میچوں کا جو سلسلہ جاری ہے اس کا انجام کچھ بھی ہو ذاتی طور پر ہمارے لئے تو کوئی نہ کوئی اختتام یقیناً ہونا ہے اپنے اپنے کام کو دیکھنا ہے۔ کھلاڑیوں نے جس منوظ انداز میں اتوار کی شام بھارت کو ہرایا تھا اس نے مجھے خوش گوار حیرت میں مبتلا کیا۔ کرکٹ کے رموز سے قطعاً نابلد ہوتے ہوئے بھی جنبلی طور پر خوش ہوئے تو ہوئے ہوئے محسوس ہوئی کہ پاکستان کی ٹیم ایک بہترین حکمت عملی کو نبھاتے ہوئے اور اعتماد کے ساتھ میدان میں اترتی ہے اور ہمارا کپتان بہت ہوشیاری سے یہ طے کرتا ہے کہ کیا جیتنے کے لئے کم از کم کھلاڑی کو کس وقت استعمال کرنا ہے۔

نیوزی لینڈ کی ٹیم نے حال ہی میں کیویوں کے بہانے میدان میں اترنے کے باوجود ایک تیج پاکستان میں کھیلنے سے انکار کردیا تھا تو دی جذبات کی آڑ میں ہمارے کھلاڑیوں نے تیج کے آخری لمحات میں تابڑ توڑ چوکوں اور ارادہ باندھا تھا کہ بدھ کی صبح اٹھ کر کالم لکھتے ہوئے اس کے آغاز میں نیوزی لینڈ کی شکست کے ذکر کے بعد کسی دیگر موضوع کی جانب بڑھ جاؤں گا۔ اس ضمن میں شاید حقارتیں کو یہ بھی یاد دلانا کہ حال ہی میں ایک اہم قیمتی قہاس کے حوالے سے میڈیا میں جو تجسس جاری تھا اس کا آغاز ہوتے ہی فقط اصرار کیا تھا کہ بالآخر اسی ہم کی قیمتی کی فونٹیشیشن جاری ہوجائے جس کا اعلان آئی ایس پی آر کی جاری ہوئی ایک پریس ریلیز کے ذریعے رواں مہینے کے پہلے ہفتے میں کردیا گیا تھا۔ اس حوالے سے ہوئی تاخیر کی بابت سوطرح کی کہانیاں پھیلیں۔ اہم کی نفرت وعقیدت میں بٹے معاشرے میں ہوگیا۔ اس کا رویہ پرخلوص طور پر مہذب محسوس ہوا۔

وہ صاحب جنہوں نے پی ٹی وی سپورٹس کے شو میں شعیب اختر سے رفوت بھری بدکلامی برتی ہے ان کا نام غالباً نعمان ہے۔ چھوٹی دی سکرین پر رونما ہوئے نہ تا شوق کبھی لاتعین نہیں رہا۔ محض اتفاق یہ ہوا کہ جب چھٹی جماعت کا طالب علم تھا تو ریڈیو پاکستان لاہور نے اپنے سکول برادا کاسٹ پروگرام کے لئے ایک کوئز شو میں شمولیت کے لئے رنگ محل مشن ہائی سکول سے چھ نام مانگے۔ میرا نام بھی ان میں شامل ہوگیا۔ یہ شو بعد کے دن ہوتا تھا۔ روایت یہ تھی کہ جو طالب علم وہاں کامیاب ہوتا اور دوسرے بعد کے دن میں بھی شریک ہوتا۔ میری خوش بختی یہ رہی کہ میٹرک کا امتحان دینے تک میں اس شو میں مسلسل شریک ہوتا رہا۔

ہر ہفتے ریڈیو پاکستان لاہور جانے کی وجہ سے مجھے بہت ماہر آوازوں کو بہت قریب سے دیکھنے کا موقعہ ملا۔ ان ذوں ریڈیو کے سکول سے چھ نام مانگے۔ میرا نام بھی ان میں شامل ہوگیا۔ یہ شو بعد کے دن ہوتا تھا۔ روایت یہ تھی کہ جو طالب علم وہاں کامیاب ہوتا اور دوسرے بعد کے دن میں بھی شریک ہوتا۔ میری خوش بختی

شال بقیہ 1

مبارکباد کا مستحق ہوں کہ وفاق کے تعاون کے بغیر میں کوئٹہ شہر کو بہتر نہیں بنا سکتے بلوچستان جو آدھا پاکستان ہے وہ تو دور کی بات ہے، بلوچستان کی ترقی کیلئے مل کر اسلام آباد جائینگے ، عمران خان سے ملاقات کرکے صوبے کیلئے مزید بہتر اقدامات کرائینگے ،ملازمین کے مسائل حل بہت تعلیم سمیت تمام شعبوں کی بہتری کیلئے سینئر ساتھیوں سے مشاورت کی جائیگی ۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ ہم سب کو ایک ساتھ لیکر چلیں اور اسی تسلسل سے تحریک چلایا ہے ،امتحان میں نتائج کے بعد مبارکباد دیا جاتا ہے آج میں مبارکباد نہیں لوں گا جس دن کامیاب ہوں گا اور اپنی ذمہ داری پوری کروں گا اس وقت مبارکباد قبول کروں گا۔انہوں نے کہا کہ عوام کے مسائل حل ہوں ،میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ تمام ساتھیوں نے تقریریں کی جو قائد ایوان بنا ان کی کوشش رہی ہے کہ وہ فرزند بنا رہے کوئی اس کرسی پر اپنی بدنامی کیلئے نہیں بیٹھتا جو اچھا کام کرتا ہے لوگ اس سے خوش ہوتے ہیں اور جو اچھا کام نہیں کرتا لوگ ناراض ہوتے ہیں ،انہوں نے کہا کہ لوگ آتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ماضی میں کچھ نہیں ہوا ہے لیکن اب ہم کہتے ہیں اگر ہمارے ساتھ ساتھیوں ،بیوروکریسی اور عوام کا تعاون نہیں رہا تو ہم کامیابی سے ہمکنار نہیں ہو سکتے ،نواب ثنا اللہ زہری وزیراعلیٰ رہے انہیں کام کیا انہوں نے کہا کہ آج اس اسمبلی میں 65 کے 65 ارکان اپنے حلقوں اور وزارتوں میں وزیراعلیٰ ہونگے ،بلوچستان پاکستان کا آدھا حصہ ہے۔

شال بقیہ 2

کے داخلی دروازے بند کئے گئے جس کے بعد ارکان اسمبلی کی جانب سے مختص کئے گئے لابی میں ووٹ ڈالے گئے ۔اس موقع پر پہلا ووٹ جمہوری وطن پارٹی کے نوابزادہ گہرام بگٹی نے پہلا ووٹ کاسٹ کیا جبکہ آخری ووٹ بی اے پی کے سردار عبدالرحمن کھیتران نے میر عبدالقدوس بزنجو کے حق میں اپنا ووٹ رجسٹر کیا۔ اجلاس میں عوامی نیشنل پارٹی کے رکن اسمبلی ملک نعیم خان بازئی نے ایوان میں دیر سے آنے کی وجہ سے اپنا ووٹ کاسٹ نہیں کیا اس کے علاوہ سابق وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال نے بھی اجلاس میں شرکت نہیں کی اسی طرح اپوزیشن میں شامل جماعتوں جمعیت علماء اسلام ،بلوچستان نیشنل پارٹی اور پشتونخوامیں عوامی پارٹی کے علاوہ سابق وزیراعلیٰ و آزاد رکن نواب محمد اسلم رئیسانی نے اپنا ووٹ رجسٹر نہیں کیا جس پر ڈپٹی اسپیکر نے نتیجے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ میر عبدالقدوس بزنجو کے حق میں 39 ارکان نے اپنے ووٹ رجسٹر کئے ہیں اسی طرح میر عبدالقدوس بزنجو بلامقابلہ وزیراعلیٰ بلوچستان منتخب ہوگئے ۔اجلاس میں عوامی نیشنل پارٹی کے پارلیمانی اصغر خان اچکزئی نے نومنتخب وزیراعلیٰ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے توقع ظاہر کی کہ وہ بلوچستان کے تمام علاقوں کو یکساں ترقی دیں گے ڈی میں ایک شخص نے پاچاخان کے مجسمے پر تیل چھڑک کر آگ لگائی اور نعرہ تکبیر کے نعرے لگائے ،ملزم کو پولیس نے گرفتار کرلیا۔

شال بقیہ 3

مطابق بیوہ کو آئی جائز پنشن کا پورا حصہ ادا کیا جائے ،صدر مملکت نے حکومتی پالیسی کے مطابق الاؤنسز کے ساتھ بیوہ کو پنشن کی ادائیگی نہ کرنے پر برہمی کا اظہار کیا اور اپنے فیصلے میں قرار دیا کہ بقیہ پنشن پر حکومتی پالیسی کے مطابق خاوند کی ریٹائرمنٹ کی تاریخ سے اضافہ بھی ادا کیا جائے۔ ایوان صدر کے میڈیا ونگ کے مطابق شکایت کنندہ مختار بیگم کے مرحوم شوہر جو کہ لیسکو میں ملازم تھے اپریل 2005 میں ریٹائر ہوئے اور دسمبر 2013 میں انتقال کر گئے، شکایت کنندہ کو شوہر کی وفات کے بعد فیملی پنشن باقاعدگی سے دی گئی لیکن کم شرحوں پر دی گئی۔ شکایت کنندہ نے کہا کہ وہ 928,21 روپے ماہانہ پنشن حاصل کررہی ہیں جبکہ حکومت کی طرف سے وقتاً فوقتاً کئے گئے تمام انکریمنٹ کو شامل کرتے ہوئے اسے 15 سال بعد تقریباً دوگنا ہو جانا چاہئے ۔شکایت کنندہ نے اپنی شکایت کے ازالے کیلئے وفاقی محتسب سے رجوع کیا۔

شال بقیہ 4

تاریخی عمارت کے اندر کوئی نئی تعمیرات ہوئیں تو گرانا پڑے گی۔ چیف جسٹس نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ اس طرح کل مہتر پیلس پر تعمیرات کردیں گے ،ایسے تو کوئی تاریخی عمارت نہیں بچے گی۔جسٹس اعجاز الاحسن نے ریمارکس دیئے کہ نایا کو تاریخی عمارت میں نئی تعمیرات کی اجازت کس نے دی؟ چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ نایا نے خود سے کیسے تعمیرات کیں؟ نایا کو تو صرف اپنی سرگرمیوں تک جگہ دی گئی تھی۔ جسٹس اعجاز الاحسن نے ریمارکس دیئے کہ کیا سندھ حکومت نے نایا کو آڈیٹوریم بنانے کی اجازت دی؟ نایا کے وکیل فیصل صدیقی ایڈووکیٹ نے موقف دیا کہ ہم نے تھیٹر بنایا جو عمارت سے بہت دور ہے۔ تھیٹر کا نیم خانہ عمارت سے کوئی تعلق نہیں۔ خاتون سرکاری وکیل نے موقف اپنایا کہ ہندو مندر کو ختم کردیا گیا۔جسٹس اعجاز الاحسن نے ریمارکس دیئے کہ ہر عبادت گاہ ہمارے لیے محترم ہے، آپ مذہبی جذبات سے متعلق اس پر بات نہ کریں۔ چیف جسٹس گلزار احمد نے ریمارکس دیئے کہ مارکی کیوں بنائی گئی نیم خانہ میں؟ اس مارکی کو تو یہاں نہیں ہونا چاہیے۔ تھیٹر سے پہلے مسلم اور ہندو نیم خانہ الگ الگ بنائے گئے تھے۔ آج مسلم نیم خانہ اپنی اصل حالت میں موجود ہے۔ مگر ہندو نیم خانہ کی اراضی علی گڑھ یونیورسٹی و دیگر کو دے دی گئی۔

شال بقیہ 5

قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں ڈی جی آئی ایس آئی ، ڈی جی آئی بی، ڈی جی ایف آئی اے ،مسلح افواج کے سربراہان کے علاوہ وزیر دفاع پرویز خٹک ،وزیر داخلہ شیخ رشید احمد ،وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی اور وزیر اطلاعات فواد چوہدری شریک ہوئے جس میں کالعدم تنظیم کے لانگ مارچ اور داخلی سلامتی سے متعلق امور زیر غور آئے ۔ اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیخ رشید احمد نے بتایا کہ قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس 2 گھنٹے جاری رہا، قومی سلامتی کمیٹی کے اہم اجلاس میں آرمی چیف، چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی اور مسلح افواج کے سربراہ موجود تھے، جہاں ہر آدمی نے بات چیت کی ہے، اجلاس میں مذاکرات کی رپورٹ بھی پیش کی گئی ۔وزیر داخلہ نے بتایا کہ قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں فیصلہ ہوا ہے کہ حکومت کی رٹ اور امن و امان کو قائم رکھا جائے گا، ہم نے رینجرز کو آرٹیکل 147 کے تحت اختیار دیئے، وزارت داخلہ نے پولیس کو پنجاب میں رینجرز کے ماتحت کردیا ہے۔

شال بقیہ 6

ہیں۔گزشتہ 24 گھنٹوں میں ملک میں کورونا وائرس کے مزید 45 ہزار 93 ٹیسٹ کیئے گئے، اب تک کل 2 کروڑ 7 لاکھ 5 ہزار 288 کورونا ٹیسٹ کیئے جا چکے ہیں۔ پاکستان بھر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 7 لاکھ 54 ہزار 680 افراد کو کورونا وائرس کی ویکسین دی گئی، اب تک کل 10 کروڑ 35 لاکھ 14 ہزار 198 کورونا ویکسین کی خوراکیں دی جا چکی ہیں، 4 کروڑ 16 ہزار 932 افراد کی مکمل ویکسینیشن ہو چکی ہے۔ سندھ میں کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد دیگر صوبوں سے زیادہ 4 لاکھ 69 ہزار 122 ہو چکی ہے، جبکہ اس سے کل اموات 7 ہزار 563 ہو گئیں۔ پنجاب میں کورونا وائرس کے اب تک 4 لاکھ 39 ہزار 845 مریض رپورٹ ہوئے ہیں، جبکہ یہاں کل ہلاکتیں دیگر صوبوں سے زیادہ ہیں جو 12 ہزار 909 ہو چکی ہیں۔ خیبر پختونخوا میں کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد 1 لاکھ 77 ہزار 807 ہو چکی ہے، جبکہ اس سے یہاں کل اموات 5 ہزار 738 ہو گئیں۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں 1 لاکھ 6 ہزار 835 کورونا وائرس سے متاثرہ مریض اب تک سامنے آئے ہیں، جبکہ اب تک یہاں کل 939 افراد اس وباء سے جان کی بازی ہار چکے ہیں۔ آزاد جموں و کشمیر میں کورونا وائرس کے اب تک 34 ہزار 461 مریض رپورٹ ہوئے ہیں، جبکہ اس کے باعث اب تک یہاں کل 740 مریض وفات پا چکے ہیں۔ کورونا وائرس کے بلوچستان میں 33 ہزار 228 مریض اب تک رپورٹ ہوئے ہیں جہاں 356 افراد اس مرض سے انتقال کر چکے ہیں۔ گلگت بلتستان میں 10 ہزار 389 کورونا وائرس کے مریض سامنے آئے ہیں، اس سے اب تک 186 افراد جاں بحق ہوئے ہیں۔

شال بقیہ 7

توقع ظاہر کی کہ وہ بلوچستان کے تمام علاقوں کو یکساں ترقی دیں گے ڈی میں ایک شخص نے پاچاخان کے مجسمے پر تیل چھڑک کر آگ لگائی اور نعرہ تکبیر کے نعرے لگائے ،ملزم کو پولیس نے گرفتار کرلیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہمسایہ ملک میں بھی اسلام کے مقدس نام کو استعمال کرکے وہاں میڈیا پر مکمل پابندی لگائی گئی ہے اے این پی محبت اور امن کا درس دیتی ہے نومنتخب وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دیتے ہیں ۔ پاکستان تحریک انصاف کے پارلیمانی لیڈر سردار یار محمد رند نے نومنتخب وزیراعلیٰ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ میر عبدالقدوس بزنجو اس ایوان کے اسپیکر بھی رہے ہیں اور دوسری مرتبہ انہیں وزیراعلیٰ کا منصب ملا ہے امید ہے کہ وہ صوبے کے عوام کی خدمت کرینگے میر عبدالقدوس بزنجو کے والد سے میرے اچھے روابط تھے 65 کے ایوان میں بہت کم لوگوں کو یہ منصب نصیب ہوتا ہے۔

شال بقیہ 8

اجازت نہیں دی جاسکتی ، یہ ملک میں افراتفری پیدا کررہے ہیں۔ عسکری قیادت نے کہا کہ پولیس پر حملہ کرنے والوں کو حوالے کیے جانے تک بات نہیں ہوسکتی۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں پولیس اور رینجرز پر حملہ کرنے والوں کے خلاف رینجرز کو ہتھیار استعمال کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔

شال بقیہ 9

گھنٹے ،کراچی ایکسپریس 2 گھنٹے ، ہزارہ ایکسپریس 6 گھنٹے، قراقرم ایکسپریس 3 گھنٹے اور پاکستان ایکسپریس گیارہ گھنٹے تاخیر کا شکار رہی۔ ریلوے ذرائع کا کہنا ہے کہ چند روز کے دوران 10 مسافر ٹرینیں منسوخ کرنے پر 49 لاکھ روپے کا خسارہ برداشت کرنا پڑا جبکہ گزشتہ روز بھی ٹرینیں معطل ہونے سے لاکھوں روپے کا نقصان برداشت کرنا پڑے گا۔ ریلوے ترجمان کے مطابق موجودہ حالات کے پیش نظر ریلوے انتظامیہ نے پشاور، راولپنڈی سے لاہور آنے اور جانے والی ٹرینوں کو براستہ جنڈ، بسال، کندیاں، سرگودھا، سانگلہ ہل، شیخوپورہ، لاہور روانہ کیا۔ ریلوے نے سبک خرام ،اسلام آباد ایکسپریس اور راول ایکسپریس کو دونوں اطراف سے معطل کر دیا۔ ترجمان ریلوے کے مطابق پشاور سے کوئٹہ جانے والی جعفر ایکسپریس کو پشاور اور لاہور کے درمیان ، پشاور سے کراچی جانے والی خیبر میل کو پشاور اور لاہور کے درمیان ،گرین لائن کو راولپنڈی اور لاہور کے درمیان جبکہ تیز گام ایکسپریس کو راولپنڈی اور لاہور کے درمیان معطل کر دیا گیا ۔ ترجمان کے مطابق پاکستان ریلوے کے سسٹم پر چلنے والی باقی تمام ٹرینیں اپنے اپنے معمول اور روٹ کے مطابق چل رہی ہیں۔

شال بقیہ 10

قونصل خانوں کیلئے بھی افغان سفارتکار مقرر کیے گئے ہیں۔ خیبر ایجنسی سے گفتگو میں طالبان رہنما کا کہنا تھا کہ پاکستان نے ابھی ہمیں بطور افغان حکومت تسلیم نہیں کیا لیکن افغان سفارتکاروں کا تقرر عوام کی سہولت کیلئے کیا گیا ہے۔ خیبر ایجنسی کے مطابق پاکستانی دفتر خارجہ اور طالبان ترجمان کی طرف سے تبصرہ نہیں کیا گیا۔ خیال رہے کہ طالبان نے کابل پر کنٹرول کے بعد نئی عبوری حکومت بنائی ہے تاہم دنیا بھر میں تاحال سفارتکار مقرر نہیں کیے ہیں اور نہ ہی کسی ملک نے باقاعدہ تسلیم کیا ہے۔

شال بقیہ 11

پریشان ہیں۔ جمعہ کو سلسلہ کی احتساب عدالت میں پیشی کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے خورشید شاہ نے کہا کہ موجودہ حکمران عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں ناکام ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو حکومت معیشت نہیں سنبھال سکتی اسے اقتدار کا بھی حق نہیں۔ پارلیمنٹ کو نظر انداز کرنے کے باعث ملک میں بحران پیدا ہوئے۔ عمران خان نے قوم کو دھوکہ دیا اور جھوٹ بولا، آج لانے والے بھی پریشان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عدالتوں سے مطالبہ ہے کہ جھوٹ بولنے والوں کے خلاف 62 اور 63 کے مطابق کارروائی کی جائے۔ جیل سے باہر آنے کے بعد اسلام آباد جاتے ہی اپوزیشن کو یکجا کرنے کی کوشش کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ ہر طبقہ سراپا احتجاج ہے، مظاہرین کو سنبھالنے کی حکومت کے پاس اہلیت نہیں۔ خورشید شاہ نے کہا کہ میڈیا کی آزادی پر قدغن برداشت نہیں کریں گے، کسی بھی چینلز کی بندش کی مذمت کرتا ہوں، تمام ورکرز کو حقوق دیئے جائیں۔

شال بقیہ 12

جیک ریڈ کے سوال کا جواب دے رہے تھے کہ جنہوں نے انڈر سیکریٹری سے چینل کو پاکستان کے ساتھ انسداد دہشت گردی کے حوالے سے اس کے تعاون سے متعلق معاہدے پر اپ ڈیٹ کرنے کا کہا۔ سینیٹر نے حالیہ میڈیا رپورٹس کا حوالہ دیا کہ جن میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ پاکستان، دہشت گرد تنظیم داعش پر حملے کے لیے طالبان کے ساتھ کام کر رہا ہے۔ کوئن کابل نے کھلی سماعت میں بتایا کہ پاکستان کا ایک چینلنگ کردار ہے، لیکن وہ افغان سرزمین کو نہ صرف اپنے بلکہ دیگر ممالک کے خلاف بھی دہشت گرد، بیرونی حملوں کے لیے محفوظ ٹھکانے کے طور نہیں دیکھنا چاہتا۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان نے ہمیں اپنی فضائی حدود تک رسائی جاری رکھی ہوئی ہے اور ہم یہ رسائی کھلی رکھنے کے لیے ان سے بات چیت کر رہے ہیں۔

شال بقیہ 13

بار وزیراعلیٰ بنے اور جمعہ کو انہوں نے دوسری بار وزیراعلیٰ کے عہدے کا حلف لیا ہے ان سے قبل نواب ذوالفقار مگسی کو دو مرتبہ 1990 سے لیکر 1993 اور 1993 سے لیکر 1995 تک اور جام غلام قادر کو 1972 سے 1976 اور 1985 سے 1988 تک دو دو بار وزیراعلیٰ رہنے کا اعزاز حاصل ہے۔

شال بقیہ 14

دانضباط کا رصوبائی اسمبلی مجریہ 1974ء کے قاعدہ نمبر 10 کے ساتھ پڑھا جائے کے تحت اسپیکر کی خالی نشست پر انتخاب عمل میں لایا جائے گا۔ اس سلسلے میں کاغذات نامزدگی برائے انتخاب اسپیکر بروز ہفتہ 30 اکتوبر صبح 8:30 بجے تا 12 بجے دوپہر سے قبل سیکرٹری اسمبلی کے دفتر سے حاصل اور جمع کرائے جاسکتے ہیں اسمبلی اجلاس میں تمام وزیرز کا داخلہ بذریعہ کارڈ ہوگا۔

شال بقیہ 15

میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بی انہوں نے کہ ہم نے وزراتوں پر کوئی بات نہیں کی نئے وزیراعلیٰ سے صرف بلوچستان ، یہاں کے عوام اور حقوق کی بات کی ہے اگر نئے وزیراعلیٰ بلوچستان کے لئے بہتر خدمات سرانجام دیں گے اور حقوق کی آواز اٹھائیں گے ہم آخری دن تک انکا ساتھ دیں اگر انہوں نے بلوچستان کے مفاد کے خلاف کام کیا تو پھر ہم میر عبدالقدوس بزنجو کی بھی اسی طرح مخالفت کریں گے جیسے جام کمال خان کی کی تھی۔

شال بقیہ 16

کمل مزید تیز کرنے کی ہدایت کی ہے۔ وزیر مملکت نے بتایا کہ کم لاگت والے گھروں کے قرضے کے لئے 57 ہزار درخواستیں موصول ہوئی۔ وزیر مملکت نے کہا کہ جس میں سے 23 ہزار درخواستیں قرضوں کے لئے منظور ہو چکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جتنی درخواستوں کی منظوری کا عمل جاری ہے، کم آمدن والے افراد کی جانب سے گھروں کے لئے قرضوں درخواستوں میں روزانہ کی بنیادوں پر اضافہ ہو رہا ہے۔

شال بقیہ 17

لاشوں کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کردیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثاء کے حوالے کردی گئیں مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 18

اسمبلی نوابزادہ خالد مگسی ، احسان اللہ ریکی ، روبینہ عرفان ،اسرار ترین ،سیاسی رہنماؤں میر عثمان بادینی ، میر فائق جمالی ،عنایت اللہ کاسی ،مرزا شمشاد ، فاروق جمالی سمیت دیگر نے شرکت کی اور مہمانوں کی گیلری سے کارروائی دیکھی، اس موقع پر ڈپٹی اسپیکر سردار بابر موسیٰ خیل نے انہیں ایوان آمد پر خوش آمدید کیا۔

شال بقیہ 19

ساتھ مذاق کے مترادف ہیں۔ ریاست مدینہ کے نام پر پاکستان کے عوام کے ساتھ مذاق کیا گیا۔ نئے پاکستان کے نام پر تبدیلی کے دعویداروں نے پاکستان کو معاشی طور پر دیوالیہ کردیا ہے۔ ملک میں مہنگائی اور بے روزگاری کا طوفان برپا ہے جس نے پورے پاکستان اور عوام کو برباد کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت سے زیادہ نااہل ،جھوٹی اور نالائق حکومت شاید ہی کبھی تاریخ میں آئی ہو۔ کشکول توڑنے کی باتیں کرنے والے آج کل آئے روز آئی ایم ایف اور دیگر مالیاتی اداروں کے سامنے جھولیاں پھیلاتے نظر آتے ہیں۔ سلیکٹڈ حکمرانوں نے اقتدار میں آنے سے قبل کہا تھا کہ عدلیہ کا وقار بحال کریں گے لیکن عدلیہ کی حیثیت بے توقیری موجودہ دور حکومت میں ہوئی ہے آمروں کے دور حکومت میں بھی نہیں ہوئی۔

شال بقیہ 20

اور خوبصورت بنانے کیلئے ہر اقدام کریینگے، نہیں یہ نہیں دیکھا جائے گا کس کا حلقہ کون سا ہے، پورے شہر کو یکساں توجہ دی جائے گی انہوں نے کہا کہ یہ فرضی باتیں نہیں ہیں نہ ہی دیکھا دا ہے ،وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ کو شہر کی صفائی سے متعلق احکامات اور چیف سیکرٹری بلوچستان کو وزیراعلیٰ قدوس بزنجو کی ضلعی انتظامیہ کو مکمل مدد فراہم کرنیکی ہدایت کی۔

شال بقیہ 21

ایئر بس 320 نے دوران پرواز پاکستان کی فضائی حدود کو بھی استعمال کیا، مسافر بردار طیارہ گذشتہ روز لاہور ریجن سے گزرتا ہوا شارجہ گیا۔ ترجمان سی اے اے کے مطابق بھارتی طیارے کی جانب سے خصوصی اجازت طلب کی گئی تھی۔ سی اے اے نے بھارتی طیارے کی درخواست پر پاکستان کی فضائی حدود استعمال کرنے کی اجازت دی۔

شال بقیہ 22

بلوچستان سے شعبہ انگریزی میں ماسٹرز کی ڈگری حاصل کی عبدالقدوس بزنجو پہلی مرتبہ 2002 میں سابق صدر پرویز مشرف دور میں کرائے گئے انتخابات میں حلقہ پی بی 41 ضلع آواران سے مسلم لیگ ق کی ٹکٹ پر 9 ہزار 4 سو 92 ووٹ لے کر رکن اسمبلی منتخب ہوئے جس کے بعد وہ جام یوسف کی کابینہ میں بحیثیت لائیو اسٹاک اور ڈیری ڈویلپمنٹ کے وزیر بھی رہے 2013 کے عام انتخابات میں عبدالقدوس بزنجو نے ق لیگ کی ٹکٹ پر انتخاب لڑا اور اپنے حلقہ سے پاکستان کی انتخابی تاریخ میں سب سے کم 544 ووٹ لیکر کامیاب ہوئے 2013 سے 2015 تک عبدالقدوس بزنجو صوبائی اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر رہے جو بعد میں مستعفی ہو گئے جنوری 2018 میں اس وقت کے وزیراعلیٰ نواب ثناء اللہ زہری کے خلاف تحریک عدم اعتماد لانے والوں میں اہم کردار ادا کیا ہے اور تیرہ جنوری کو وزیراعلیٰ بلوچستان منتخب ہوئے 25 جولائی 2018 کو قدوس بزنجو اپنے اپنی حلقے آواران سے بلوچستان عوامی پارٹی کے ٹکٹ پر رکن اسمبلی منتخب ہوئے اور بلوچستان اسمبلی کے اسپیکر منتخب ہوئے وزیراعلیٰ جام کمال سے اختلافات کی بنا پر انہوں نے جام کمال کے خلاف تحریک عدم اعتماد پیش کئے جانے میں اہم کردار ادا کیا اور جام کمال کے استعفیٰ کے بعد اتحادیوں اور اپوزیشن کا اعتماد حاصل کرکے بلامقابلہ صوبے کے ستر ہویں وزیراعلیٰ منتخب ہوگئے۔

شال بقیہ 23

کا کالعدم صدر عبدالباری کاکڑ مرکزی جوائنٹ سیکرٹری رشید خان ناصر صوبائی نائب صدر اصغر علی ترین صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری باری اقتدار اکین مرکزی کونسل حاجی نظام الدین کاکڑ ڈاکٹر عبداللہ خان کاکڑ عبیداللہ عابد امیر علی خان اضلعی جنرل سیکرٹری صادق کاکڑ اور دیگر نے پاچاخان مرکز پشین میں ضلعی مجلس عاملہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس زیر صدارت ضلعی صدر عبدالباری کاکڑ منعقد ہوا جس میں مجلس عاملہ کے اراکین کثیر تعداد میں شرکت کی اجلاس میں 13 نومبر کو صبح 10 بجے لورالائی سرکاری باغ میں منعقدہ جلسہ عام صوبے میں مجوزہ بلدیاتی انتخابات ضلع میں امن وامان کی صورتحال تنظیمی امور پارے تفصیل سے غور وخوض ہوا اجلاس میں اس امر پر تشویش کا اظہار کیا گیا کہ دکی میں فخر افغان پاچاخان کے نام سے منسوب چوک کو نظر آتش کرنا انتہا پسندانہ رجحانات کو دانستہ طور پر غالب کرنے سے تعبیر کیا اور یہ انتہائی خطرناک عمل ہے اجلاس میں اس عہد کا اظہار کیا گیا کہ 13 نومبر کو لورالائی سرکاری باغ میں شہید خان جیلانی خان اچکزئی شہید اسد خان اچکزئی مرحوم ،بسم اللہ خان لونی کی برسی کیموقع پر کثیر تعداد میں شرکت کو یقینی بنایا جائیگا اجلاس میں مجوزہ بلدیاتی انتخابات تیاریوں بارے غور وخوض ہوا اور کارکنوں کو بھرپور تیاری کی ہدایت کی گئی اجلاس میں مرکزی کونسل کے رکن ڈاکٹر عبداللہ خان کاکڑ کے اعزاز میں ظہرانہ دیا گیا۔

شال بقیہ 24

ہسپتال منتقل کردیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 25

کے خلاف نئے اعلان کے تحت پابندیاں عاید کی ہیں اور ان کے نام امریکا کی ناپسندیدہ افراد کی فہرست میں شامل کر لیے ہیں۔ان میں دانی خورے پہلے سے امریکی پابندیاں کا شکار سابق وزیر خارجہ جبران باسیل کے قریب سمجھے جاتے ہیں۔ محکمہ خزانہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ لبنان کی کاروباری اور سیاسی اشرافیہ سے تعلق رکھنے والے ان افراد کو ایگزیکٹو آرڈر (ای او) 13441 کے مطابق نامزد کیا جارہا ہے۔اس انتظامی حکم کے تحت لبنان میں قانون کی حکمرانی میں خلل انداز ہونے والا افراد پر پابندیاں عاید کی جاسکتی ہیں۔ محکمہ خزانہ کی غیر ملکی اثاثہ جات کنٹرول (او ایف اے سی) کی ڈائریکٹر ایندریا گا کی نے کہا کہ لبنانی عوام ان تاجروں اور سیاست دانوں کی جاری مقامی بدعنوانیوں کے خاتمے کے مستحق ہیں، جنھوں نے اپنے ملک کو ایک غیر معمولی بحران میں دھکیل دیا ہے۔ اب وقت آگیا ہے کہ ضروری اقتصادی اصلاحات نافذ کی جائیں اور لبنان کی بنیادوں کو ختم کرنے والے بدعنوان طریقوں کا قلع قمع کیا جائے۔ محکمہ خزانہ لبنان میں لاقانونیت سے نمٹنے کے لیے اپنے آلات استعمال کرنے میں کوئی دریغ نہیں کرے گا۔

شال بقیہ 26

سال کی عمر اور ان سے زائد کے بچوں کو ویکسین لگائی گئی جن میں گورنمنٹ گرلز ہائی سکول پوسٹل کالونی شامل تھے۔ صوبائی انتظامیہ کے مطابق جن افراد نے ویکسین نہیں لگائی ان کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور اس کے علاوہ ان کا داخلہ پبلک پارکس، مارکیٹوں ، بس اڈوں وغیرہ میں ممنوع ہوگا۔ صوبائی انتظامیہ کی جانب سے اس ویکسین کی مہم کو کامیاب بنانے کے لئے حتی الامکان کوششیں کی جارہی ہیں اور کورونا کے ضابطہ اخلاق ایس او پیز پر عمل درآمد یقینی بنایا جارہا ہے۔ صوبائی انتظامیہ کے جاری کردہ احکامات کے پیش نظر 30 اکتوبر تک ویکسی نیشن لگوانے کے عمل کو مکمل کرلیا جائے گا تاکہ اس مہلک مرض کے مزید پھیلاؤ کو روکا جاسکے۔

شال بقیہ 27

کے اجلاس کے دوران قائد ایوان کے انتخاب میں تاخیر سے پہنچنے پر عوامی نیشنل پارٹی کے ملک نعیم بازئی اپنا ووٹ استعمال نہیں کرپائے۔

شال بقیہ 28

عوامی پارٹی کے قائم مقام صدر میر ظہور بلیدی ، بی این پی عوامی کے میر اسد اللہ بلوچ ،بی اے پی کے عبدالرشید بلوچ اور میر اکبر آسکانی قائد ایوان کی نشست پر بلحاظ۔

شال بقیہ 29

پارٹی کے نوابزادہ گہرام بگٹی جبکہ آخری ووٹ سردار عبدالرحمن کھیتران نے ڈالا۔

شال بقیہ 30

اسمبلی کے اجلاس میں قائد ایوان کے انتخاب کے دوران ووٹنگ کے عمل میں جمعیت علماء اسلام، بلوچستان نیشنل پارٹی، پشتونخواہ ملی عوامی پارٹی اور آزاد رکن نواب اسلم رئیسانی نے شرکت نہیں کی۔

شال بقیہ 31

میں کالعدم جماعت سے تعلق رکھنے والے 32 اراکین کو گرفتار کیا گیا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ لوگ جعلی سوشل میڈیا اکاؤنٹس کے ذریعے نفرت انگیز پروپیگنڈا کررہے تھے اور جعلی خبروں اور پروپیگنڈے کیخلاف بڑا ایکشن شروع کردیا گیا ہے جلدی مزید گرفتاریاں ہوں گی۔

شال بقیہ 32

برقرار رہی ، رکاوٹوں کے باعث عوام کی مشکلات میں اضافہ ہوگیا، کئی علاقوں میں سبزیوں اور اشیائے خورد ونوش کی قلت پیدا ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق کالعدم تنظیم کے گوجرانوالہ سے اسلام آباد کی جانب مارچ کے پیش نظر اسلام آباد اور راولپنڈی میں سکیورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے ،راولپنڈی میں غیر یقینی صورتحال جمعہ کو بھی برقرار رہی ، راولپنڈی سے لاہور اور فیصل آباد کے راستے کراچی جانے والی ٹرینیں متبادل روٹ رواں دواں رہیں ادھر گوجرانوالہ میں راستے بند ہونے کے باعث اشیائے ضرورت اور سبزیوں کی قلت پیدا ہوگئی ، لاہور اور راولپنڈی کے درمیان چلنے والی ریل کار نائٹ کوچ اور سبک خرام بھی تاحال بند رہی ، مری روڈ تیسرے روز بھی سیل رہا ، مریز چوک سے فیض آباد تک تمام ملحقہ شاہراہیں سیل رہیں ، میٹرو بس سروس اور پبلک ٹرانسپورٹ بھی بند رہی ، مری روڈ اور ملحقہ تجارتی مراکز مکمل بند رہے ، مری روڈ پر تعلیمی ادارے ، فنکس اور بازار مکمل بند رہے ، راستے سیل ہونے سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ، میٹرو بس ٹریک کا کنٹرول رینجرز نے سنبھال رکھا ہے، نماز جمعہ کے بعد سیکورٹی انتظامات مزید سخت کردیے گئے۔

شال بقیہ 33

والی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مختلف سیاسی تنظیموں کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ الیکشنز پر مشتمل سیاسی جماعتوں نے ملک وقوم کو اندھیروں میں دھکیل دیا ہے، نجات کے لئے صاف ستھری سیاسی جماعتوں کا اتحاد ضروری ہے۔ عام آدمی کو حقوق اس وقت تک نہیں مل سکتے جب تک انہیں سیاست میں مساوی حق نہیں مل جاتا۔ مقتدر سیاسی جماعتیں طاقتور شخصیات کے مفادات کی نگہبان ہیں۔ الیکشنز کی طرح عام لوگ بھی برابر کے پاکستانی ہیں انہیں مساوی حقوق دلانے کے لئے میدان میں اترے ہیں۔ پاکستان کا موجودہ سیاسی نظام عرصہ دراز سے ایک بڑے بحران کا شکار ہے۔ مختلف ادوار میں برسر اقتدار سیاسی پارٹیاں (ن لیگ ،پی پی پی اور پی ٹی آئی) خود اپنے منشور پر عمل درآمد کرنے میں ناکام تو کجا، تجلس بھی نہ پائی گئیں۔ موجودہ صورتحال یہ ہے کہ ملک میں بلدیاتی نظام، جسے آئینی تحفظ آرٹیکل A 140 کے تحت حاصل ہے، سرے سے موجود ہی نہیں ہے۔ جہاں تک پارلیمان اور صوبائی اسمبلیوں کا تعلق ہے وہاں زر اور زمین کی نمائندگی تو یقیناً موجود ہے مگر عوام کا دور دور تک پتا نہیں۔ ملک کو سنوارنے کے لئے ایک نئی ریفارم ہونی چاہئے جس سے ملک وقوم ترقی کرسکے۔

شال بقیہ 34

ڈالر کی امداد فراہم کرے گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ پہلے سے اعلان شدہ امداد سے اضافی ہے۔ رواں برس کے دوران امریکا اس شورش زدہ جنوب ایشیائی ملک کے لیے مجموعی طور پر چار سو چوبیس ملین ڈالر کی امداد دے چکا ہے۔ اضافی امداد کا اعلان کرتے ہوئے میشل سکیورٹی کونسل کی جانب سے واضح کیا گیا کہ یہ رقوم ط

ملک اس وقت شدید معاشی اور سیاسی بحران کا شکار ہے، ڈاکٹر مالک

بلوچستان کو آگ اور خون میں دھکیل دیا، بلوچستان کے مسئلے کا واحد حل بلوچستان کے مسلح بلوچ قیادت سے بامقصد مذاکرات سے ممکن ہے

جب تک ملک کے انتخابی عمل میں اداروں کی مداخلت ہوگی اور عوام کے ووٹ اہمیت نہیں ہوگا تب تک بہتری کی امید نہیں کی جاسکتی ہے، سابق وزیراعلیٰ

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کی چھٹی قومی کانگریس اور نیشنل پارٹی (بلوچستان) کنونشن ریاض میر جمہوریت سینٹر میر حاصل خان بزنجو، مرکزی صدر سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کی صدارت میں کوئٹہ میں منعقد ہوا۔ کانگریس میں ملک بھر سے مرکزی، صوبائی اور ضلعی رہنماؤں سمیت کونسلروں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے مرکزی کانگریس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان پر جنرل مشرف کے مارشل لا نے جنگ مسلط کردی اور بلوچستان کو آگ اور خون میں دھکیل دیا بلوچستان کے مسئلے کا واحد حل بلوچستان کے مسلح بلوچ قیادت سے بامقصد مذاکرات سے ممکن ہے، جبکہ ملک کا اہم ترین سیاسی مسئلہ شفاف و غیر جانبدار بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا سے گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کررہے ہیں

منتخب ارکان پارلیمنٹ عوام کی خدمت کی بجائے ذاتی مفادات کی جنگ لڑ رہے ہیں، لالا یوسف خلجی

بلوچستان کے دارالخلافہ کوئٹہ کے عوام آج اکیسویں صدی میں بھی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں، سربراہ امن جرگہ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالا یوسف خلجی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے دارالخلافہ کوئٹہ کے عوام آج اکیسویں صدی میں بھی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں منتخب ارکان پارلیمنٹ عوام کی خدمت کی بجائے ذاتی مفادات کی جنگ لڑ رہے ہیں اگر منتخب نمائندوں نے عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے فوری اقدامات نہ اٹھائے تو عوام انکا احتساب کرنا اچھی طرح جانتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو بلوچستان امن جرگے کے مرکزی سیکرٹریٹ میں ملاقات بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

ژوب، پاکستان پیپلز پارٹی کی جانب سے شمس الدین شہید چوک پر موجودہ قمر توڑ مہنگائی کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا

احتجاجی مظاہرے میں پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنوں سمیت سردار محمد انور کیزئی، سٹی صدر ظفر اللہ کاکڑ سمیت شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی

ژوب (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کی جانب سے شمس الدین شہید چوک پر موجودہ قمر توڑ مہنگائی کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ احتجاجی مظاہرہ کی صدارت پاکستان پیپلز پارٹی کے جنرل سیکرٹری مولاداد قریشی نے کی۔ احتجاجی مظاہرے میں پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنوں سمیت سردار محمد انور کیزئی، سٹی صدر ظفر اللہ کاکڑ سمیت شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کے جنرل سیکرٹری مولاداد قریشی اور سٹی صدر ظفر کاکڑ نے خطاب بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

حب، میر عبدالقدوس بزنجو کے وزیراعلیٰ بننے کی خوشی میں حب میں ریلی

بی این پی کا 22، 23 اور 24 جنوری 2022ء کو کوئٹہ میں منعقد ہوگا

بی این پی کا مرکزی قومی کونسل سیشن بیادر اہشون سردار عطاء اللہ خان مینگل 22، 23 اور 24 جنوری 2022ء کو کوئٹہ میں منعقد ہوگا

ماضی کے آمر و سول حکمرانوں نے ہمیشہ بلوچستان میں استحصالانہ روش رکھی جس کی وجہ سے بلوچستان آج اس بحرانی کیفیت تک پہنچ چکا ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی کابینہ کا اجلاس گزشتہ روز پارٹی کے مرکزی قائم مقام صدر ملک عبدالولی کاکڑ منعقد ہوا اجلاس میں پارٹی قائد سردار اختر جان مینگل نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی اجلاس کی کارروائی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل سابق سینیٹر ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی نے چلائی اجلاس میں موجودہ سیاسی صورتحال، تنظیمی امور پر سیر حاصل بحث کی گئی اجلاس میں بلوچ رہبر عظیم انسان دوست بزرگ سیاستدان سردار عطاء اللہ خان مینگل کی بیش بہا قربانیاں، ثابت قدمی، مستقل مزاجی کو مدنظر رکھ کر پارٹی کے مرکزی کابینہ بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

الخدمت میڈیکل نے سینٹر نارتھ کراچی میں ویکسی نیشن سینٹر و کنسلٹنٹ او پی ڈی کا افتتاح کردیا

امدادی سامان میں پینے کا پانی، خشک راشن، خیمے، ترپال، کمبل و دیگر اشیا شامل تھیں، سامان حافظ نعیم الرحمن نے روانہ کیے

کراچی (این این آئی) الخدمت میڈیکل سینٹر نارتھ کراچی میں ویکسی نیشن سینٹر اور کنسلٹنٹ او پی ڈی کا آغاز کردیا گیا ہے۔ ویکسی نیشن سینٹر کا افتتاح چیف ایگزیکٹو الخدمت کراچی نوید علی بیگ نے کیا۔ اس موقع پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر راشد قریشی، ایڈمنسٹریٹر میڈیکل سینٹر رانا محمد انور بھی موجود تھے۔ نوید علی بیگ نے میڈیکل سینٹر اور او پی ڈی کا معائنہ کیا اور وہاں ذمہ داران سے ملاقات کی۔

بارکھان، ڈپٹی کمشنر عبداللہ کھوسہ خسرہ و ردبیلہ سے بچاؤ آگاہی مہم ریلی کی قیادت کررہے ہیں

بلوچستان کے عوام کے بدبختی ہے یہاں ہر کوئی اپنے لئے سوچتا ہے، محمد اخلاص خان حمزوزئی

کوئی منتخب نمائندہ عوام کیلئے کوئی فکر نہیں، ایک ماہ ہوگیا صوبہ بھر کے پولیٹیکل ورکرز سے، چیئرمین سٹیزن ایکشن کمیٹی لورالائی

لورالائی (این این آئی) لورالائی سمیت بلوچستان بھر کے تمام ہیڈ کوارٹر ہسپتالوں میں ڈاکٹرز ہڑتال پر ہے سٹیزن ایکشن کمیٹی لورالائی کے چیئرمین محمد اخلاص خان حمزوزئی اور دیگر نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے عوام کے بدبختی ہے کہ یہاں ہر کوئی اپنے لئے سوچتا ہے کسی بھی منتخب یا سلیکٹڈ کے پاس عوام کے کوئی فکر نہیں ہے ایک ماہ ہوچکا ہے بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر صحبت پور ظفر علی محمد شہی بلوچ کا اچانک احساس کفالت سینٹر صحبت پور کا دورہ

مستحق بیوہ خواتین کی شکایت پر برہم عملے کو سختی کیساتھ کٹوتی کرنے کی وارننگ

صحبت پور (این این آئی) ڈپٹی کمشنر صحبت پور ظفر علی محمد شہی بلوچ کا اچانک احساس کفالت سینٹر صحبت پور کا دورہ مستحق بیوہ خواتین کی شکایت پر برہم عملے کو سختی کیساتھ کٹوتی کرنے کی وارننگ خلاف ورزی کرنے والوں کیخلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔ تفصیلات کے مطابق ڈی سی صحبت پور ظفر علی محمد شہی بلوچ احساس کفالت سینٹر کا دورہ کیا۔ اس موقع پر پریسنٹر کے بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

ژوب، ڈپٹی کمشنر میر شبک بلوچ خسرہ و ردبیلہ ویکسین کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

سلیکٹڈ وزیراعظم تیاری کرلیں، الٹی گنتی شروع ہوچکی ہے، امیر حیدر خان ہوتی

سلیکٹڈ وزیراعظم اور اس کو لانے والوں کو رخصت کرنے کا وقت آگیا ہے، اقتدار میں آنے سے قبل اصلاحات کے دعویدار ریاستی فیصلے جادو ٹونے سے کررہے ہیں

نئے پاکستان کے نام پر تبدیلی کے دعویداروں نے پاکستان کو معاشی طور پر دیوالیہ کردیا ہے، مرکزی سینئر نائب صدر عوامی نیشنل پارٹی

پشاور (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر امیر حیدر خان ہوتی نے کہا ہے کہ سلیکٹڈ وزیراعظم تیاری کرلیں، الٹی گنتی شروع ہوچکی ہے۔ سلیکٹڈ وزیراعظم اور اس کو لانے والوں کو رخصت کرنے کا وقت آگیا ہے۔ چار سدہ پی کے 58 کے زیر اہتمام ورکرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے امیر حیدر خان ہوتی نے کہا کہ اقتدار میں آنے سے قبل اصلاحات کے دعویدار ریاستی فیصلے جادو ٹونے سے کررہے ہیں جو کہ ملک اور انکے معاملات چلانے کے ساتھ مذاق کے مترادف ہیں۔

اس وقت ملک پر موجودہ نااہل حکمرانوں کی صورت میں ایک آسیب منڈلا رہا ہے، سجاد احمد زیب بلوچ

قوم کو مہنگائی بدحالی کی صورت میں جو صلہ دیا ہے اس سے قوم کے افراد وقت کے نوالہ کے لئے ترس گئے ہیں، دھرنا کا مظاہرے سے خطاب

خضدار (این این آئی) پیپلز پارٹی ضلع خضدار کے زیر اہتمام مہنگائی بے روزگاری غربت بھوک و افلاس کے خلاف ریلی نکالی گئی اور مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرین نے صدا بہار پلازہ سے ریلی نکال کر خضدار کے مختلف شاہراہوں سے ہوتے ہوئے آزادی چوک پہنچے جہاں مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرین نے ہاتھوں میں پلے کارڈ اور بینرز اٹھا رکھے جس پر مہنگائی کے خلاف نعرے درج تھے۔ مظاہرین کی قیادت پیپلز پارٹی ضلع خضدار کے صدر سجاد زیب بلوچ کررہے تھے جب کہ بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

موجودہ حکومت نوجوانوں کو روزگار دینے کے بجائے روزگار چھیننے پر مجبور کررہی ہیں، مولاداد قریشی

وزیراعظم عمران خان نے عوام سے وعدہ کیا تھا کہ ہماری آنے والی حکومت میں باہر سے لوگ یہاں پاکستان میں نوکری کرنے آئینگے، بیان

ژوب (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی جانب سے شمس الدین شہید چوک پر موجودہ قمر توڑ مہنگائی کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا احتجاجی مظاہرہ کی صدارت پاکستان پیپلز پارٹی کے جنرل سیکرٹری مولاداد قریشی نے کی احتجاجی مظاہرے میں پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنوں سمیت سردار محمد انور کیزئی، سٹی صدر ظفر اللہ کاکڑ سمیت شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کے جنرل سیکرٹری مولاداد قریشی اور سٹی صدر ظفر کاکڑ نے خطاب کرتے ہوئے بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

کوہلو، لیویز اہلکاروں نے بغیر کسی ایف آئی آر ہمارے گھروں پر حملہ آور ہوکر گھروں کی تقدس کو پامال کیا، متاثرہ خاندان

لیویز ایک قبائلی فورس ہے انہیں اس طرح کی حرکتیں زیب نہیں دیتی لیکن چند کالی بھیڑوں کی وجہ سے پورے فورس کو بدنام ہورہا ہے

کوہلو (نذر بلوچ قلندرانی) تفصیلات کے مطابق محمد آصف مری اور پیر احمد مری نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ گزشتہ روز سفید میں لیویز نے بغیر ایف آئی آر ہمارے گھروں میں چھاپہ مار کر نہ صرف گھر کی تقدس کو پامال کیا بلکہ بغیر ایف آئی آر مجھ سمیت دو اور بندوں کو کھینچتے ہوئے کالا بھوہا چوکی تک لاکر پھینک دیا، انہوں نے کہا کہ میں کوئی دہشت گرد نہیں تھا کہ لیویز اہلکاروں نے مجھے اس طرح بے عزت کیا اور میرے کپڑے پھاڑے موبائل فون و دیگر نقدی بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

کیسکو کی کارروائی بدستور جاری، سٹی فیڈرز پر گرینڈ آپریشن

سینکڑوں کنڈا سسٹم جاریں کاٹ دی گئی اور غیر قانونی کنکشنز بھی کاٹ کر تاریں اپنے ساتھ لے گئے

قلات (نامہ نگار) کیسکو کی کارروائی بدستور جاری، سٹی فیڈرز پر گرینڈ آپریشن، متعدد غیر قانونی کنکشنز منقطع، تفصیلات کے مطابق الیکٹرسن کیسکو قلات حاجی عبدالقیوم دنگلوئی کے خصوصی ہدایت پر ایس ڈی او عیسیٰ جان دنگلوئی کی نگرانی میں ایس او انچارج حاجی ماجد عقیل لائن سپرنٹنڈنٹ محمد اکبر روہی اپنے فیلڈ اسٹاف کے ہمراہ قلات کے سٹی فیڈرز پر دوسرے روز بھی غیر قانونی طور پر کنکشنز اور کنڈا سسٹم تاروں کے خلاف آپریشن کی، بازار ایریا، مسلم محلہ، بلوچ بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

سولنگی ہاؤس سے سکھر پریس کلب تک مہنگائی کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی گئی

ریلی میں سینکڑوں کارکنان کاروں موٹر سائیکلوں اور دیگر گاڑیوں میں سوار تھے

روہڑی (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی سٹی روہڑی کے جنرل سیکریٹری حاجی عبدالخالق سولنگی کی قیادت میں روہڑی سولنگی ہاؤس سے سکھر پریس کلب تک مہنگائی کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی گئی ریلی میں سینکڑوں کارکنان کاروں موٹر سائیکلوں اور دیگر گاڑیوں میں سوار تھے کارکنان نے ہاتھوں میں پارٹی جھنڈے اور پارٹی قائد کی تصاویر ہاتھوں میں اٹھا رکھی تھی اور عمران خان اور انکی حکومت کے خلاف نعرے بلند کررہے تھے ریلی کا جلوس جب روہڑی پریس کلب کے بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

آرٹس کونسل کی طرح ہمیں کراچی کو بھی روشن اور خوب صورت بنانا ہوگا، مرتضیٰ وہاب

معاشرے کو بدلنے کے لیے پڑھے لکھے لوگوں کو آگے آنا چاہیے، "بلدیہ کراچی" اچھی کتاب ہے، محمد احمد شاہ

آرٹس کونسل کراچی میں بشیر سدوزئی کی کتاب "بلدیہ کراچی سال بہ سال 1844ء تا 1979ء" کی تقریب رونمائی

کراچی (این این آئی) ایڈمنسٹریٹر کراچی و ترجمان حکومت سندھ مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ آرٹس کونسل جو آج شہر کا روشن چہرہ ہے ہم سب کو مل کر کراچی کو بھی ایسا ہی روشن اور خوب صورت کرنا چاہیے، اس شہر میں بے حسی کا راج ہے، منفی سوچ کو ختم کرکے شہر کے لیے مل کر کام کرنا ہوگا، بشیر سدوزئی نے اس شہر اور بلدیہ کے لیے جس جانفشانی سے کام کیا آج کے اس اجتماع میں بلدیہ کے سابق و موجودہ افسران میڈیا اور سول سوسائٹی کی کثیر تعداد میں موجودگی اس بات کا ثبوت ہیں، میں اس پر بشیر سدوزئی کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کی شام آرٹس کونسل کراچی کے جون ایلیا ہال پر بشیر سدوزئی کی کتاب "بلدیہ کراچی سال بہ سال 1844ء تا 1979ء" کی تقریب رونمائی میں مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ "بلدیہ کراچی" تاریخی کتابوں میں سے ایک کتاب ہے۔

عمران خان نے ملک کو مہنگائی کے سونامی میں ڈبو دیا ہے، بلوچستان پی پی

پیٹرول، گیس، بجلی اور دیگر اشیا خورد و نوش کی قیمتوں میں بے پناہ اضافے کے باعث غریب عوام کا جینا دوبھر ہوگیا ہے

نااہل اور سلیکٹڈ عمران نیازی نے 3 سال کے دوران 70 سالہ مہنگائی کے ریکارڈ توڑ دیئے ہیں، سردار عمران بنگلزئی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ سلیکٹڈ عمران نیازی نے ملک کو مہنگائی کے سونامی میں ڈبو دیا ہے حکومتی دعوؤں کے برعکس مہنگائی نے 70 سالہ ریکارڈ توڑ دیئے ہیں پیٹرول، گیس، بجلی اور دیگر اشیا خورد و نوش کی قیمتوں میں بے پناہ اضافے کے باعث غریب عوام کا جینا دوبھر ہوگیا ہے اور عوام دو وقت کی روٹی کے محتاج ہوچکے ہیں موجودہ نااہل اور سلیکٹڈ حکمرانوں سے عوام کی جان چھڑانے میں پاکستان پیپلز پارٹی عوام اور محنت کشوں کی آخری امید ہے اور انشاء اللہ پارٹی بلوچستان اور سلیکٹڈ حکمرانوں کو گھر بھیج کر دم لے گی۔ یہ بات پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے جنرل سیکرٹری روزی خان کاکڑ، سردار عمران بنگلزئی، حاجی خان محمد بزنجو ضلع کوئٹہ کے صدر میر نصیب بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کو وزیراعلیٰ منتخب ہونے پر اراکین صوبائی اسمبلی وزیراعلیٰ کی کرسی پر بیٹھانے کے بعد دعا کررہے ہیں

قاتل روڈ پر ایک اور حادثہ، ایک شخص جاں بحق، چار زخمی، ہسپتال منتقل

قلات (نامہ نگار) قاتل روڈ پر ایک اور حادثہ، ایک شخص جاں بحق، چار زخمی، ہسپتال منتقل، تفصیلات کے مطابق نچلے لیویز چوکی پنجگو کے مقام پر صرف گاڑی اور مزدا کے تصادم ہوا، حادثہ اوورٹیک کے باعث پیش آیا جسکے نتیجے بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

خسرہ اور روبیلا ویکسین مہم کے دوران پورے ڈویژن میں ٹاسک فورس قائم کرنے کا مقصد اس مہم کو کامیاب بنانا ہے

خاران (نامہ نگار) کمشنر رخشان ڈویژن سعید احمد عمرانی نے کہا کہ خسرہ اور روبیلا ویکسین مہم کے دوران پورے ڈویژن میں ٹاسک فورس قائم کرنے کا مقصد اس مہم کو کامیاب بنانا ہے تاکہ 9 ماہ سے 15 سال تک کے کوئی بچہ اس مہم کے دوران ویکسینیشن سے رہ نہ جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں خسرہ اور روبیلا مہم کے حوالے سے منعقدہ ڈویژنل بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

لوگوں کو ووٹ کی اہمیت سے آگاہی کے لئے خصوصی ٹرک کا افتتاح

قومی دھارے میں شامل ہونے کے لئے خصوصی ٹرک کا افتتاح

کوہلو (نامہ نگار) 29 اکتوبر 2021 تفصیلات کے مطابق کوہلو کے علاقے کاہان میں قبائلی عمائدین اور مختلف کالعدم تنظیموں سے راہیں جدا کرنے والے فراریوں پر مشتمل خصوصی جرگہ منعقد ہوا۔ جرگے میں مختلف کالعدم تنظیموں کے فراریوں نے ہتھیار حکام کے حوالے کرنے اور آئندہ پرامن زندگی گزارنے کا عہد کرتے ہوئے کہا کہ مستقبل میں وہ کسی تخریب کاری میں بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

مانجھی پور تا گوٹھ حاجی حمزہ خان کھوسہ تک روڈ تعمیر کیا جائے

سڑک پر ہر جگہ کھڈے پڑ گئے ہیں روڈ نہ ہونے کی وجہ سے علاقائی عوام کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

مانجھی پور (این این آئی) مانجھی پور تا گوٹھ حاجی حمزہ خان کھوسہ تک روڈ تعمیر کیا جائے سڑک پر ہر جگہ کھڈے پڑ گئے ہیں روڈ نہ ہونے کی وجہ سے علاقائی عوام کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے رپورٹ این این آئی کے مطابق انگریز دور سے مانجھی پور کے قریبی گوٹھ حاجی حمزہ خان کھوسہ قائم ہے لیکن افسوس کہ آج بھی گوٹھ کے رہائشی زندگی کے تمام تر بنیادی سہولیات بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

پرائیویٹ انشورنس کمپنیوں کی ایماء پر چند لوگ اسٹیٹ لائف کو تباہ کرنا چاہتے ہیں، صدر عبدالقیوم

پرافٹ والا ادارہ فروخت کرنا مشکل ہے اس لئے فیلڈ ورکرز کو مسلسل پونے تین سال سے تباہ کیا جارہا ہے، اسٹیٹ لائف

کوئٹہ (این این آئی) اسٹیٹ لائف فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن کوئٹہ زون کے صدر عبدالقیوم نے کہا ہے کہ پرائیویٹ انشورنس کمپنیوں کی ایماء پر چند لوگ اسٹیٹ لائف کو تباہ کرنا چاہتے ہیں پرافٹ والا ادارہ فروخت کرنا مشکل ہے اس لئے فیلڈ ورکرز کو مسلسل پونے تین سال سے تباہ کیا جارہا ہے ہم وزیراعظم اور دیگر حکام بالا سے اپیل کرتے ہیں کہ 6 ستمبر 2021ء کے عدالتی فیصلے پر عملدرآمد کروایا جائے تاکہ ضرورتمند پرستوں سے اس قومی مالیاتی ادارے اور اسکے 2 لاکھ فیلڈ ورکرز بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

زہاب ڈپٹی کمشنر اسلام آباد زون اور کنٹرول انٹیلی جنس ایجنسی اسلام آباد کی شہداء پر پیش کررہے ہیں

کارکنوں کی جدوجہد اور محنت کو نظر انداز نہیں کرسکتے، جے یو آئی

احتجاجی تحریک میں جمعیت کوئٹہ کے کارکنوں کی جدوجہد قابل رشک ہے،

پی ڈی ایم کی ریلی اور جلسہ میں کارکنوں کی عظیم الشان شرکت منزل کی جانب قدم ہے، جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے قائدین نے پی ڈی ایم کے زیر اہتمام مہنگائی کے خلاف احتجاجی ریلی میں عظیم الشان شرکت پر ضلع بھر کے یونین کے امراء، انصار الاسلام، شعبہ اطلاعات و سوشل میڈیا اور جے یو آئی کے کارکنوں کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ احتجاجی تحریک میں جمعیت کوئٹہ کے کارکنوں کی جدوجہد قابل رشک ہے، پی ڈی ایم کی ریلی اور جلسہ میں کارکنوں کی عظیم الشان شرکت منزل کی جانب قدم ہے ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سنیئر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکریٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا مفتی محمد روزی خان مولانا قاری امیر اللہ شیخ مولانا احمد جان مولانا محمد ہاشم خیشگی مولانا محمد ایوب بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں میر عبدالقدوس بزنجو کو وزیراعلیٰ منتخب ہونے پر اراکین صوبائی مبارکباد پیش کررہے ہیں

طلبہ و طالبات کیلئے صوبائی حکومت کی نئی سہولت کا اعلان

کالجز داخلہ کیلئے سٹامپ پیپر پر حلف نامہ جمع کرانے کی پابندی ختم، نوٹیفکیشن جاری

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا حکومت نے صوبے کے تمام کالجز میں داخلوں کا سیزن شروع ہونے پر طلبہ و طالبات کیلئے ایک نئی سہولت کا اعلان کردیا ہے جس کے تحت کالجز میں داخلہ کیلئے سٹامپ پیپر پر حلف نامہ جمع کرانے کی پابندی کا خاتمہ کردیا گیا ہے جبکہ اس ضمن میں محکمہ اعلیٰ تعلیم کی جانب سے نوٹیفکیشن بھی جاری ہوگیا ہے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے معاون خصوصی برائے اطلاعات و تعلقات عامہ کامران خان بنگش نے نوٹیفکیشن کے اجراء کی تصدیق کرتے ہوئے واضح کیا ہے۔

تاریخ میں مثال نہیں ملتی جتنی نااہل حکومت کے تین سالہ ادوار میں مہنگائی ہوئی ہے، قیصر خان چانڈیہ

آئے روز اشیاء خورد و نوش کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے عوام کا جینا محال کردیا ہے، رہنما پیپلز پارٹی بلوچستان

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی کال پر ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی کے خلاف پاکستان پیپلز پارٹی ڈیرہ اللہ یار کے سٹی صدر قیصر خان چانڈیہ ضلعی جنرل سیکریٹری کامریڈ گل کھوسہ کی قیادت میں احتجاجی ریلی نکالی گئی ریلی میں پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنوں کے کثیر تعداد میں شرکت کی ریلی شہر کے مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی "مزدور چوک" پر پہنچی جہاں پر احتجاجی دھرنا دیا گیا دھرنے کے شرکاء نے بڑھتی ہوئی مہنگائی کے خلاف شدید نعرے بازی کرتے ہوئے "گو نیازی گو" کے نعرے لگائے ریلی سے خطاب کرتے ہوئے پی پی سٹی ڈیرہ اللہ یار بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

ہزار گنجی کراچی روڈ کی عدم تعمیر سے تاجر، ٹرانسپورٹرز اور عوام کو آمد و رفت میں شدید مشکلات درپیش ہے، حاجی ظہور کاکڑ

ہزار گنجی میں گیس بجلی اور پانی کی سہولیات نہ ہونے کے برابر ہے، صدر انجمن تاجران بلوچستان ہزار گنجی زون

کوئٹہ (این این آئی) انجمن تاجران بلوچستان ہزار گنجی زون کے صدر حاجی ظہور کاکڑ نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ ہزار گنجی کراچی روڈ کے حوالے سے کیو ڈی اے، اور دیگر حکومتی اداروں اور ذمہ داروں کو آگاہ کیا گیا مگر ان کی تسلیاں طفلیاں ثابت ہوئی ہے ابھی تک اس حوالے سے کوئی عملی اقدامات نہیں اٹھائے گئے ہیں ہزار گنجی کراچی سڑک کی خستہ حالی کی وجہ سے کئی ٹریفک حادثات رونما ہوچکے ہیں ایشیاء کی دوسری بڑی سبزی منڈی کے مین سڑک اور دیگر سڑکوں کی خستہ حالت حکومت کے کردار پر سوالیہ نشان ہے انہوں نے کہا کہ اتنا بڑا علاقہ بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

ڈیرہ اللہ یار، پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی کال پر مہنگائی کے خلاف سید عبداللہ شاہ بخاری کی قیادت میں احتجاجی ریلی نکالی گئی

بلوچستان میں کورونا وائرس کے 16 نئے کیسز رپورٹ

صوبے میں کورونا وائرس کے 501 ٹیسٹ کئے گئے جن میں 16 افراد میں کورونا وائرس کی تشخیص ہوئی جبکہ 186 افراد کے نتائج آنے باقی ہیں

بلوچستان میں کورونا وائرس کے 16 نئے کیسز رپورٹ ہونے کے بعد اب تک متاثرہ افراد کی تعداد 32260 ہوگئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں کورونا وائرس کے 16 نئے کیسز رپورٹ ہونے کے بعد اب تک متاثرہ افراد کی تعداد 32260 ہوگئی۔ محکمہ صحت کے کورونا وائرس آپریشن سیل کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران صوبے کے 6 اضلاع سے کورونا وائرس کے 16 نئے کیسز رپورٹ ہونے کے بعد اب تک مجموعی طور پر متاثرہ افراد کی تعداد 32260 ہوگئی ہے رپورٹ کے مطابق صوبے میں کورونا وائرس کا شکار ہونے والے 7 افراد صحت یاب ہوئے جس کے بعد مجموعی طور پر صحت یاب ہونے والوں کی تعداد 31799 ہوگئی جبکہ صوبے میں کورونا وائرس کے فعال مریضوں کی تعداد 105 ہے جن میں سے 2 ہسپتالوں میں زیر علاج ہیں ان افراد میں سے 2 ہائی آکسیجن فلو پر رکھا بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

گوادر کے شہری شفقت علی کی درخواست پر وفاقی محتسب خاران نے بجلی کے مسئلے کو فوری حل کروایا

خاران (نامہ نگار) گوادر کے شہری شفقت علی کی درخواست پر وفاقی محتسب خاران نے بجلی کے مسئلے کو فوری حل کروایا تفصیلات کے مطابق گوادر مسین ایئر پورٹ روڈ پر فاضل چو بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

پیپلز پارٹی سکھر کے زیر اہتمام مہنگائی کے خلاف پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ

عمران خان اپنے وعدے پورے نہیں کرسکے ہیں اس لئے ان کو چاہئے کہ وہ گھر چلے جائیں، خورشید شاہ و دیگر کا خطاب

سکھر (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے احکامات پر ملک کے دیگر شہروں کی سکھر میں پی پی کارکنان کی کثیر تعداد نے سکھر ہاؤس تا سکھر پریس کلب تک زیر قیادت پی پی کے رکن قومی اسمبلی نعمان اسلام شیخ، وزیر اعلیٰ سندھ کے معاون خصوصی ارسلان شیخ، پی سی سکھر کے صدر مشتاق مرچنٹ، جنرل سیکریٹری ڈاکٹر ارشد مغل، چوہدری اظہر حسین، پی پی لیڈیز ونگ کی رہنما میڈم عذرا جمال، ناہید سومرو و دیگر کی قیادت میں مہنگائی کے خلاف ریلی نکالی اور سکھر پریس کلب کے سامنے احتجاجی دھرنا دیا، احتجاجی دھرنے میں خواتین رہنماؤں و کارکنان نے ہاتھوں میں اشیاء خورد و نوش رکھی ہوئی تھالیاں اٹھا رکھی تھی۔

ڈاکٹر محمد اقبال نوری شہید کی یاد میں منعقدہ مفت آئی کیمپ میں، 118 مریضوں میں موتیا کی تشخیص

تمام ضرورتمند مریضوں کا عقیلہ لطیف میموریل ہسپتال میں امریکن لینس کے ساتھ بالکل مفت آپریشن کیا گیا، زاہد رحیم

کراچی (این این آئی) خدمت عوام ویلفیئر آرگنائزیشن کے بانی و چیئرمین زاہد رحیم نے عقیلہ لطیف میموریل ہسپتال نارتھ کراچی کے اشتراک سے ڈاکٹر محمد اقبال نوری شہید کی یاد میں ان کے کلینک ملیر کھوکھراپار نزیر ٹاؤن میں آئی سرجن ڈاکٹر شایان شادانی کی نگرانی میں 57 واں مفت آئی و بلڈ شوگر کیمپ منعقد کیا جس میں سینکڑوں مرد و خواتین کی آنکھوں کا معائنہ کیا گیا 118 مریضوں میں موتیا کی تشخیص کی گئی اور ان کا بلڈ شوگر ٹیسٹ